https://ataunnabi.blogspot.com/

نسخۂ شفائے اُسقام، مجموعۂ نافع اہل اسلام، گلدستۂ ریاحین ذکرِ شفیع یوم القیام، حدیقۂ گل ہائے بیان میلاد و برکت اِنضمام

دافع الاوهام في محفل خير الأنام ﷺ

محفل میلاد

کیا اور کیوں؟

-: تالیف لطیف :-

فاضل اکمل عالم عامل مولانا

مولوی محمد عبد السمیع صاحب بیدلؔ رامپوری

-: ترتیب جدید وتخریج :-

محمد ثاقب رضا قادری

WWW.NAFSEISLAM.COM

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

نسخہ شفائے اَسقام، مجموعۂ نافع اہل اسلام، گلدستۂ ریاحین ذکرِ
شفیع یوم القیام، حدیقۂ گل ہائے بیان میلاد و برکت اِنضمام

دافع الاوھام فی محفل خیر الأنام ﷺ

محفل میلاد کیا اور کیوں؟

WWW.NAFSEISLAM.COM

-: تالیفِ لطیف :-

فاضل اکمل عالم عامل مولانا مولوی محمد عبد السمیع صاحب بیدلؔ رامپوری

-: ترتیب جدید وتخریج :-

محمد ثاقب رضا قادری

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

انتساب

امام المنطق والکلام، مجاہد تحریک آزادی، پاسبان ناموس رسالت،

علامہ فضل حق خیرآبادی علیہ الرحمۃ

کے نام جنہوں نے اپنے مجاہدانہ کردار سے اُمت مسلمہ میں حصول آزادی کا جذبہ پیدا کی

WWW.NAFSEISLAM.COM

سال ۲۰۱۱ء کو علامہ فضل حق خیرآبادی علیہ الرحمۃ کے ڈیڑھ سو سالہ عرس کی مناسبت سے "علامہ فضل حق خیرآبادی کا سال" کے طور پر منایا جارہا ہے۔ الحمدللہ علامہ فضل حق خیرآبادی کی نایاب تحریرات، شاعری اور علامہ کے سیرت و کردار اور جنگ آزادی میں آپ کی شرکت پر لکھی جانے والی کتب، پی ایچ ڈی تھیسیز (مقالہ جات)، مختلف رسائل کے خصوصی شمارہ جات و مضامین پر مشتمل ویب سائٹ کا اجراہو چکا ہے:

WWW.FAZLEHAQ.COM

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

تفصیلات

جملہ حقوق محفوظ ہیں

کتاب : دافع الاوهام فی محفل خیر الانام ﷺ
موضوع : منکرین میلاد کے شبہات کا ازالہ
تالیف : علامہ مولانا عبدالسمیع رامپوری۔
خلیفہ حاجی امداداللہ مہاجر مکی۔علیہ رحمۃ اللہ الولی۔
تسہیل وتخریج : محمد ثاقب رضا قادری۔عفی عنہ۔
نظرثانی : علامہ محمد افروز قادری۔دامت برکاتہم العالیہ۔
صفحات :
اشاعت : ۲۰۱۱ء -۱۴۳۳ھ
قیمت :
ناشر : سنّی یوتھ ونگ، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان

☆☆☆

فاضل اکمل عالم عامل مولانا مولوی محمد عبد السمیع صاحب بیدل نے
احکام متعلقہ میلاد خیر العباد مثل اجتماع سامعین وزینت محفل
وتقسیم شیرینی واطعام طعام وقیام تعظیمی وتطیب عطر
وگلاب ولوبان وپھول وبیان ولادت ورضاعت
ومعجزات وبساط فرش چوکی یا منبر وروشنی
وغیرہ آرائش مجلس کے ثابت کرنے
تصنیف فرمایا اور منکرین کے زنگ
شکوک کو قرآن وحدیث کے
صیقل سے صاف کر کے
ہر بات کو مثال آئینہ
کے چمکایا۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

فہرست

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

WWW.NAFSEISLAM.COM

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اَحوالِ مصنف

از علامہ محمد افروز قادری چریا کوٹی مدظلہ العالی

محقق دوراں مفتی زماں حضرت علامہ مولانا حافظ محمد عبد السمیع بیدلؔ سہارن پوری [۱۳۱۸ھ/۱۹۰۰ء] خلیفہ: حضرت مولانا حاجی محمد امداد اللہ مہاجر مکی - ۱۳۱۷ھ/۱۸۹۹ء - کا نام اَب کسی تعارف کا محتاج نہیں رہا۔ اُن کی مقبول ترین کتاب 'انوارِ ساطعہ' نے ان کی شہرت و پذیرائی کا جو باب قائم کر دیا ہے اس کے سد باب کی خدا معلوم کیا کچھ کاوشیں ہوئیں؛ مگر سب بے کار و بے اِعتبار و ناپائیدار۔ اور پھر نورِ آفتاب مٹھیوں میں کب قید ہوسکا ہے!۔ یا بوئے گل کو ہوا کے پروں پر تیرنے سے کب کوئی روک پایا ہے!!۔

مولفِ موصوف نے اپنا تخلص بے دلؔ رکھا تھا؛ شاید اس لیے کہ اُن کا دل 'بسمل مدحتِ پیغمبر' تھا، اور آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت و شریعت کے فروغ اور مسلک و مذہب کی ترویج و اشاعت کے لیے وقف۔ اُن کی ہشت پہلو شخصیت اپنی تصنیفات کی روشنی میں اَب نکھر سنور کر منصۂ شہود پر جلوہ گر ہو رہی ہے۔ اپنوں کے دل ٹھنڈے ہو رہے ہیں، اور غیروں کے سینوں پر سانپ لوٹ رہے ہیں۔

دشمن اپنی شاطرانہ چالوں کے باعث سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ جس مصنف کو ہم نے اس کی کتابوں کے کفن میں لپیٹ کر دفن کر دیا تھا، وہ پھر کبھی اُبھر سکے گا، اور اس کی کاوشیں پھر کبھی منظرِ عام پر آسکیں گی؛ لیکن خداوند عالم اپنے دین کی حفاظت اور اپنے محبوب کی سنت کی صیانت کے لیے ہمیشہ ایسے اسباب بہم پہنچاتا رہا ہے، اور اس راہ کے جملہ اندھیروں کو ہمیشہ کافور فرماتا رہا ہے۔

بلاشبہہ وہ جماعت اہلِ سنت کے بے باک ترجمان اور ناموسِ رسالت کے

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

عظیم محافظ تھے۔ سنت وسنیّت کے دفاع و بچاؤ کے لیے جس دور میں بریلی و بدایوں کی سرزمین سے علمی وفکری کمک فراہم کی جارہی تھی، ٹھیک اسی دور میں سہارن پور سے بھی ایک مردِ مجاہد بڑی خاموشی سے اپنا قلمی و تحقیقی تعاون پیش کررہا تھا، اور ملت کے زخمی بدن پر مرہم رکھ رہا تھا۔ اس کی باتیں قصرِ باطل میں لرزہ بپا کردینے والی، تاثیر کا تیر بن کر دلوں میں اُتر جانے والی، اور عاشقانِ رسول کے شگوفہ دل کو چٹکا چٹکا دینے والی تھیں۔

سوانحی خاکہ : موصوف اپنے وطن رام پور منیہاران، ضلع سہارن پور میں پیدا ہوئے۔ آپ کا نسبی رشتہ شیخ الاسلام خواجہ عبداللہ انصاری کے واسطے سے مشہور صحابی رسول حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملتا ہے۔ (۱)

ابتدائی تعلیم و تربیت کا شرف پایۂ حرمین حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی مہاجر مکی (م ۱۳۰۸ھ) سے حاصل کیا۔ مولانا رحمت اللہ کیرانوی نے ۱۲۷۰ھ سے قبل قصبہ کیرانہ میں ایک دینی مدرسہ قائم کیا تھا جس سے سیکڑوں تشنگانِ علوم نے پیاس بجھائی۔ اسی مدرسے میں مولانا رام پوری نے مولانا کیرانوی سے تعلیم حاصل کی۔ پھر ہجرتِ مکہ فرما جانے کے بعد آپ نے وہاں معروف دینی اِدارہ 'مدرسہ صولتیہ' قائم فرمایا۔

WWW.NAFSEISLAM.COM

پھر ۱۲۷۰ھ مطابق ۱۸۵۴ء میں موصوف نے میدانِ تعلیم کے مزید زینے طے کرنے کے لیے مرکزِ علم وادب دہلی کا رخ کیا، اور علماے دہلی خصوصاً صدر الصدور حضرت مولانا مفتی صدرالدین آزردہ دہلوی سے عربی علوم وفنون کی کتابیں پڑھیں۔

انہیں ایام میں شعر گوئی کے شوق نے چٹکی لی تو اُردو کے مشہور شاعر مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ دہلوی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کی شاگردی اختیار

(۱) تذکرۂ علماے اہل سنت، مولانا محمود احمد قادری، ص: ۱۶۷، مطبوعہ سنی دارالاشاعت، فیصل آباد، پاکستان، ۱۹۹۲ء۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کی۔

'بیدلؔ' تخلص تھا۔ ابتدا میں طبیعت غزل کی طرف زیادہ مائل رہی۔ بعد میں اس رسمی شاعری کو چھوڑ کر اپنی تمام تر توجہ مذہبی علوم ومسائل پر مرکوز ومحدود کر دی۔(۱)

حمدِ باری، نورِ ایمان، اور سلسبیل جیسے منظوم رسالے آپ کی شاعرانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ ان کے علاوہ ایک نعتیہ دیوان بھی ہے۔(۲)

مولانا رام پوری سلسلۂ چشتیہ صابریہ میں اپنے وقت کے مشہور مرشدِ طریقت شیخ المشائخ حضرت مولانا الحاج امداداللہ فاروقی چشتی تھانوی مہاجر مکی علیہ الرحمہ (م ۱۳۱۷ھ) سے بیعت تھے۔ آپ کو حضرت حاجی صاحب موصوف سے اجازت و خلافت بھی حاصل تھی، آپ نہایت محتاط، تقویٰ شعار، پرہیز گار اور کامل الاحوال بزرگ تھے۔

مشہور مخیّر رئیس حافظ عبدالکریم، رئیس لال کرتی میرٹھ نے اپنے لڑکوں کی تعلیم و تربیت کے لیے آپ کو بارہ روپے اور روٹی پر مدرس رکھ لیا۔ مدرس ہونے کے بعد دونوں وقت انواع واقسام کے کھانے پہنچنے لگے؛ مگر آپ کا معمول یہ رہا کہ ان میں سے کچھ بھی تناول نہ فرماتے، صرف روٹی کھا کر پانی پی لیتے۔ حافظ عبدالکریم صاحب کو خبر ہوئی۔ بلا کر تحقیقِ حال کرنی چاہی اور پوچھا کہ کیا کھانا پسند نہیں آتا کہ آپ ایسا کرتے ہیں؟ آپ نے بڑی سادگی سے دوٹوک جواب دیا: کھانے میں کوئی کمی نہیں، بات دراصل یہ ہے کہ معاملہ طے کرنے کے وقت صرف 'روٹی' طے ہوئی

(۱) مفتی صدرالدین آزردہؔ، از عبدالرحمٰن پرواز اصلاحی، ص ۱۲۹، مکتبہ جامعہ نئی دہلی طبع اول، جولائی ۱۹۷۷ء۔

(۲) (الف) مصدر سابق (ب) تذکرہ علماے اہل سنت از مولانا محمود احمد قادری، ص ۱۶۸، (ج) ''ایک مجاہد معمار'' بحوالہ بائبل سے قرآن تک'' ص ۱۶۷۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

تھی؛ اس لیے باقی چیزوں کے کھانے کا مجھے حق نہ تھا۔ (۱)

آپ حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی کے ان خلفا میں تھے جنھیں حاجی صاحب نے ازخود خلافت دی تھی۔ آپ نے پوری طرح مذہب اہلِ سنت کے عقائد وافکار اور مشربِ صوفیہ کے وظائف و معمولات میں اپنے شیخ و مرشد کی پے روی کی۔ اور مشائخ کے روحانی فیوض و برکات سے بہرہ ور ہوئے۔

امداد المشتاق میں خود حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نے اپنے خلفا کے بارے میں فرمایا:

> ''میرے خلفا دو قسم کے ہیں: ایک وہ جنھیں میں نے ازخود خلافت دی ہے۔ دوسرے وہ جن کو تبلیغ دین کے لیے ان کی درخواست پر اجازت دی ہے۔''

جن خلفا کو ازخود خلافت دی ہے انھوں نے پوری طرح حاجی صاحب کی اتباع کی۔ مثلاً مولانا لطف اللہ علی گڑھی (متوفی ۱۳۳۴ھ)، مولانا احمد حسن کان پوری (متوفی ۱۳۲۲ھ)، مولانا محمد حسین الٰہ آبادی (متوفی ۱۳۲۲ھ) اور مولانا محمد عبد السمیع رام پوری (متوفی ۱۳۱۸ھ)۔

اور جن خلفا نے حاجی صاحب سے اختلاف کیا ان میں مولوی محمد قاسم نانوتوی (م۱۲۹۷ھ)، مولوی رشید احمد گنگوہی (م۱۳۲۲ھ) اور مولوی اشرف علی تھانوی (م۱۳۶۲ھ) کے نام سرِ فہرست ہیں۔ (۲)

اردو کے مشہور ادیب اور قلم کار مالک رام نے تلامذۂ غالب میں لکھا کہ مولانا رام پوری کی فارسی اور عربی کی استعداد بہت اچھی تھی۔ (۳)

---

(۱) تذکرہ علمائے اہلِ سنت، ص ۱۶۷۔

(۲) مفتی صدر الدین آزردہ، از عبد الرحمان پرواز، ص ۱۲۹۔

(۳) صابری سلسلہ، از وحید احمد مسعود، بدایوں، ۱۹۷۱ء۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

خود آپ کی کتاب انوارِ ساطعہ کا انصاف و دیانت کے ساتھ مطالعہ کرنے والا اس نتیجے پر پہنچے بغیر نہیں رہ سکتا کہ مذہبی علوم وفنون اور علوم عقلیہ میں آپ کا پایہ بہت بلند اور آپ کا مطالعہ بہت وسیع تھا، جیسا کہ ان کے بزرگوں اور معاصر علمائے کرام نے انوارِ ساطعہ پر اپنی تقریظات میں کھلے دل سے ان کے علمی تبحر و کمال کا اعتراف کیا ہے۔ انوارِ ساطعہ میں مولانا نے اس عالمانہ اسلوب میں بحث کی ہے کہ طبیعت پھڑک اٹھتی ہے، اور دل کی اتھاہ گہرائیوں سے ان کے لیے دعا نکلتی ہے۔

مولانا رام پوری علیہ الرحمہ نے اسّی، نوّے کے درمیان عمر پائی اور میرٹھ میں ۱۳۱۸ھ مطابق ۱۹۰۰ء میں انتقال ہوا اور وہیں قبرستان حضرت شاہ ولایت قدس سرہ میں مدفون ہوئے۔ مولانا حکیم محمد میاں آپ کے فرزند تھے ۱۹۴۰ء میں ان کی رحلت ہوگئی۔ حکیم صاحب کی اولاد میں صرف دولڑکیاں تھیں، اولاد نرینہ کوئی نہ تھی۔

مولانا عبدالسمیع رام پوری علیہ الرحمہ نے درج ذیل کتابیں یادگار چھوڑی ہیں:

(۱: انوارِ ساطعہ در بیان مولود و فاتحہ (مکتبہ اعلیٰ حضرت، لاہور شائع کر رہا ہے۔)
(۲: نورِ ایمان (منظوم)
(۳: سلسبیل (منظوم)
(۴: راحت القلوب فی مولد المحبوب
(۵: بہارِ جنت
(۶: مظہرِ حق
(۷: حمدِ باری
(۸: دافع الاوہام فی محفل خیر الانام
(۹: قول النبی فی تحقیق السلام علیک ایہا النبی۔ (۱)

(۱) تذکرہ علمائے اہلِ سنت، ص ۱۶۸۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

ہندوستان اور منکرین میلاد

محفل میلاد النبی کی اصل یہ ہے کہ سرورِ کائنات، فخر موجودات، سید الانبیا کی ولادتِ طیبہ اور سیرتِ طیبہ کو بیان کیا جائے۔ اور حضور ﷺ کی سیرت و کردار، شمائل و خصائل کا ذکر کرنا قرآن پاک، احادیث صحیحہ و آثار صحابہ سے ثابت ہے اور اسی بنا پر سلفِ صالحین، علماے دین، مشائخ طریقت اور اساطین امت محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم منعقد کرتے رہے اور اس میں برابر شرکت کرتے رہے، حد یہ ہے کہ امام ابو شامہ استاذ امام نووی، امام ابن جزری، حافظ عماد الدین بن کثیر، حافظ زین الدین عراقی، امام ابن حجر عسقلانی، حافظ جلال الدین سیوطی، علامہ شہاب الدین قسطلانی، علامی عبد الباقی زرقانی مالکی، علامہ ملا علی قاری حنفی، شیخ عبد الحق محدث دہلوی، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی وغیرہ بے شمار اساطینِ امت بلانکیر محفل میں شریک ہوتے رہے، بلکہ بہت سے علماے کرام نے محفل میلاد کے لیے مستقل کتابیں لکھیں۔ مولانا عبد السمیع رامپوری نے انوار ساطعہ میں ان علما و محدثین اور مشائخ طریقت کی ایک لمبی فہرست پیش کی ہے۔

یہی حالات تھے کہ مغلیہ حکومت کے زوال کے تقریباً بیس سال بعد سہارن پور اور اس کے اطراف کے چند اسلاف بیزار مولویوں نے اس عملِ خیر اور مجلسِ خیر کے خلاف آواز اٹھائی اور دہلی کے غیر مقلد وہابی علما سے یہ سوال کیا:

> کیا فرماتے ہیں علماے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ مولود خوانی و مدحت حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ایسی ہیئت سے کہ جس مجلس میں امردانِ خوش الحان گانے والے ہوں، اور زیب و زینت و شیرینی و روشنی ہائے کثیرہ ہو اور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم مخاطب

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

وحاضر ہوں، جائز ہے یا نہیں؟ اور قیام وقتِ ذکرِ ولادت جائز ہے یا نہیں؟ اور حاضر ہونا مفتیان کا ایسی مجلس میں جائز ہے یا نہیں؟ اور نیز بروز عیدین پنج شنبہ وغیرہ کے آب وطعام سامنے رکھ کر اس پر فاتحہ وغیرہ ہاتھ اٹھا کر پڑھنا اور اس کا ثواب اموات کو پہنچانا جائز ہے یا نہیں؟ اور نیز بروز سوم میت کے لوگوں کو جمع کر کے قرآن خوانی اور بھونے ہوئے چنوں پر کلمۂ طیبہ مع پنج آیت پڑھنا اور شیرینی وغیرہ تقسیم کرنا بحدیث نبوی جائز ہے یا نہیں؟ بَیِّنُوا تُوجَروا۔

اس سوال نامہ کا جواب ان کی طرف سے یہ دیا گیا:

انعقادِ محفل میلاد اور قیام وقت ذکر پیدائش آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قرونِ ثلاثہ سے ثابت نہیں ہوا۔ پس یہ بدعت ہے۔ اور علی ہذا القیاس بروز عیدین وغیر عید ینو پنج شنبہ وغیرہ میں فاتحۂ مرسومہ ہاتھ اٹھا کر پایا نہیں گیا البتہ نیابۃً عن المیت بغیر تخصیص ان امور مرقومۂ سوال کے للہ مساکین وفقرا کو دے کر ثواب پہنچانا اور دعا اور استغفار کرنے میں امید منفعت ہے۔ اور ایسا ہی حال سوئم، دہم، چہلم وغیرہ، اور پنج آیت اور چنوں اور شیرینی وغیرہ کا عدم ثبوت حدیث اور کتب دینیہ سے۔ خلاصہ یہ ہے کہ بدعاتِ مخترعات ناپسند شرعیہ ہیں''۔ اس فتویٰ پر دہلی کے تین غیر مقلد علما کر دستخط تھے۔ (۱) مولوی حفیظ اللہ (۲) مولوی شریف حسین (۳) الٰہی بخش۔ اور اُن کے علاوہ درج ذیل علمائے دیوبند وگنگوہ وسہارن پور کے تائیدی دستخط بھی تھے۔ (۱) مولوی محمد یعقوب، صدر مدرس مدرسہ دیوبند (۲) مولوی محمد محمود حسن، مدرس مدرسہ دیوبند (۳) مولوی محمد عبدالخالق دیوبندی (۴) مولوی رشید احمد گنگوہی۔

گنگوہی صاحب کے الفاظ یہ ہیں:

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ایسی مجلس ناجائز ہے اور اس میں شریک ہونا گناہ ہے، اور خطاب جناب فخر عالم علیہ السلام کو کرنا اگر حاضر ناظر جان کر کرے کفر ہے، ایسی مجلس میں جانا اور شریک ہونا ناجائز ہے، اور فاتحہ بھی خلاف سنت ہے اور سوم بھی، کہ یہ سنتِ ہنود کی رسوم ہے...... التزام مجلس میلاد بلا قیام و روشنی وتقاسیم شیرینی وقیودات لایعنی کے، ضلالت سے خالی نہیں ہے۔ علی ہذا القیاس سوم وفاتحہ برطعام کہ قرونِ ثلاثہ میں نہیں پائی گئی۔

اس زمانے میں یہ محفل میلاد وفاتحہ وعرس کے خلاف پہلا فتویٰ تھا جو چار ورقی تھا اور ۱۳۰۲ھ میں مطبع ہاشمی میرٹھ سے شائع ہوا، اس کی سرخی تھی : **فتوئ مولود و عرس وغیرہ**۔ پھر دوسرا فتویٰ مطبع ہاشمی میرٹھ ہی سے چھپا جس کا عنوان تھا : **فتویٰ میلاد شریف یعنی مولود مع دیگر فتاویٰ**۔ یہ چوبیس صفحے کا تھا اس میں محفلِ میلاد شریف کی بڑی مذمت کی گئی تھی اور پہلا چار ورقی فتویٰ بھی اس میں شامل کر دیا گیا تھا۔ ان فتووں نے مسلمانوں میں اختلاف وانتشار کا بیج بویا اور عوامِ اہلِ سنت کو طرح طرح کے شکوک وشبہات میں مبتلا کیا۔ اس علاقے کے لوگ زیادہ تر شیخ المشائخ حاجی امداد اللہ صاحب فاروقی چشتی تھانوی سے بیعت وارادت کا تعلق رکھتے تھے، جو کچھ عرصہ پہلے ہندوستان کے حالات کی ناسازگاری کی وجہ سے ۱۲۷۶ھ/ ۱۸۵۹ء میں مکہ مکرمہ ہجرت کر گئے تھے، اور حاجی صاحب کے مرید باصفا اور خلیفۂ صادق عالمِ ربانی حضرت مولانا محمد عبدالسمیع بے دل رام پوری سہار نپوری (متوفی ۱۳۱۸ھ) اہلِ سنت وجماعت کے مرجع ومقتدا تھے اور صبر وقناعت اور زہد وورع میں اپنے پیرومرشد کے آئینہ دار تھے، اس لیے حاجی صاحب کے مریدین اور دیگر اہلِ سنت نے آپ سے بصد اصرار فرمائش کی کہ آپ ان کا جواب لکھیں اور قرآن وحدیث کی روشنی میں میلاد وفاتحہ وعرس کا صحیح شرعی حکم واضح فرمائیں۔ اس لیے مولانا رام پوری نے قلم اٹھایا اور چند دنوں میں انوار ساطعہ در بیان مولود وفاتحہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کے نام سے ایک شاندار وقیع اور افراط وتفریط سے پاک کتاب تیار کر دی اور اس میں قرآن وحدیث اور اصول شریعت کی روشنی میں میلا دو فاتحہ کا جواز ثابت کیا اور تائید میں سلفِ صالحین ،فقہا و محدثین اور مشائخِ طریقت کے اقوال و معمولات کو بھی پیش کیا۔

انوار ساطعہ کی طباعت سے اہل سنت و جماعت میں مسرت وشادمانی کی ایک لہر دوڑ گئی، اور اسے اس قدر قبول عام حاصل ہوا کہ دیکھتے ہی دیکھتے چند دنوں میں اس کے سارے نسخے ہاتھوں ہاتھ نکل گئے ۔ جب یہ کتاب دیوبند، گنگوہ اور سہارن پور کے وہابی علما تک پہنچی تو انہیں اپنے پیروں تلے سے زمین کھسکتی نظر آئی ۔ آخر کار ''کھسیانی بلی کھمبا نوچے'' کے مطابق وہابی دیوبندی علما کے سرگروہ مولوی رشید احمد گنگوہی (متوفی ۱۳۲۲ھ) نے اس کے جواب میں ایک کتاب لکھ کر اپنے مرید خاص مولوی خلیل احمد انبیٹھوی سہارن پوری (متوفی ۱۳۴۶ھ) کے نام سے شائع کرائی ،جس کا لمبا چوڑا چارسطری نام اپنے خاص ذوق کے مطابق یہ رکھا: **البراهين القاطعة على ظلام الأنوار الساطعة ، الملقّب بالدلائل الواضحه على كراهة المروّج من المولود و الفاتحة** اور نیچے یہ عبارت لکھوائی: ''بہ امر حضرت بقیۃ السلف ، حجۃ الخلف ، رأس الفقہاء والمحدثین ، تاج العلماء الکاملین جناب مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی''۔(۱)

(۱) براہین قاطعہ گنگوہی صاحب ہی کی تصنیف ہے۔اس کا ثبوت یہ ہے کہ حکیم عبدالحئی رائے بریلوی نے اسے گنگوہی صاحب کی تصانیف میں شمار کرایا ہے اور خلیل احمد انبیٹھوی کی تصانیف میں اسے ذکر نہیں کیا۔عبارت یہ ہے: له مصنفات مختصرة قليلة منها .... البراهين القاطعة في الردّ على الأنوار الساطعة للمولوي عبد السميع الرامفوري . طُبعَ باسم الشيخ خليل أحمد السهارنفوري . (نزہۃ الخواطر،ج:۸،ص:۱۷۶،مطبوعہ ندوۃ العلما لکھنؤ۔)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اس کتاب میں گنگوہی صاحب اس قدر آپے سے باہر ہو گئے کہ نہ صرف میلاد و فاتحہ وعرس کو بدعت و ناجائز لکھا، اور اسے کنھیا کے جنم، ہندوؤں کے سوانگ سے تشبیہ دی اور میلاد کرنے والے مسلمانوں کو کفار و ہنود سے بھی بدتر قرار دیا۔ (براہین قاطعہ ،ص:......) بلکہ بدحواسی میں یہ بھی لکھ مارا کہ: (۱) اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے۔ (دیکھئے براہین قاطعہ ،ص:۱۰) (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عام انسانوں کی طرح ایک بشر ہیں۔ (ایضاً ،ص:۱۲) (۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم شیطان اور ملک الموت سے کہیں کم ہے، شیطان اور ملک الموت کے علم کا وسیع ہونا نصوصِ قطعیہ اور دلائلِ یقینیہ سے ثابت ہے جب کہ فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وسعتِ علم کا ثبوت کسی نص قطعی اور دلیلِ یقینی سے نہیں۔ اس لیے آپ کے لیے وسیع علم ماننا شرک ہے۔ (ایضاً ،ص:۱۲۲) (۴) سرکار کو اپنے خاتمہ کا حال معلوم نہیں۔ اور انہیں دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں۔ (ایضاً ،ص:۱۲۱) (۵) فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اردو علمائے مدرسہ دیو بند سے سیکھی۔ (ایضاً ،ص:۶۳)

اس کے علاوہ اپنے پیر بھائی مولانا محمد عبدالسمیع رام پوری کے خلاف اپنی افتادِ طبع کے مطابق فحش مغلظات بکنے سے بھی گریز نہیں کیا، اور لکھا کہ وہ کم فہم، جاہل، بے شرم، بے غیرت، بے سمجھ، کم عقل، دین سے بے بہرہ، ہوش وحواس سے قاصر، پھکڑ باز، قوتِ شہوانیہ سے محروم، کوڑمغز اور تیلی کے بیل وغیرہ وغیرہ ہیں۔ گنگوہی صاحب نے خود کو لسانی محاسبہ اور ضابطۂ اخلاق سے بالاتر سمجھتے ہوئے جس جاگیر دارانہ ذہنیت کا اظہار کیا ہے ان تمام ملفوظات شریفہ کو باضابطہ یک جا کر دیا جائے تو ایک رسالہ تیار ہو جائے، جو مغلظات نویسی اور سبّ وشتم میں گنگوہی صاحب کے پیشہ ورانہ کمال اور فنی مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہوگا۔ مگر گنگوہی صاحب جیسے لوگوں سے اس کا کیا شکوہ؟ کیوں کہ جب اللہ و رسول کی شان بھی ان کے سمند قلم کی منہ زوری سے محفوظ نہیں تو کسی

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اور کی کیا حیثیت ہے؟۔

ادھر مولانا رام پوری علیہ الرحمہ کی کتاب انوار ساطعہ جب ان کے پیرو مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کی خدمت میں مکہ مکرمہ پہنچی تو انھوں نے اسے ملاحظہ کرنے کے بعد مورخہ ۲۲ رشوال ۱۳۰۴ھ مطابق ۱۸۸۶ء کو مولانا رام پوری کو ایک خط لکھ کر کچھ اس طرح اظہار خیال فرمایا :

در حقیقت کتاب کا اصل مضمون اس فقیر اور بزرگان فقیر کے مذہب ومشرب کے مطابق ہے، آپ نے خوب لکھا۔ جَزَاکَ اللّٰہ خیرًا (۱)

یہ خیال رہے کہ صاحبِ انوار ساطعہ مولانا عبد السمیع رام پوری اور صاحبِ براہینِ قاطعہ مولوی رشید احمد گنگوہی دونوں حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی کے خلیفہ ہیں، حاجی صاحب نے دونوں کو خوب خوب سمجھایا اور ان کے درمیان صلح ومصالحت کی بہت کوشش فرمائی۔ صاحبِ انوار ساطعہ نے تو اپنے پیرو مرشد کے حکم کے آگے سرِ تسلیم خم کر دیا۔ مگر گنگوہی صاحب اپنی ضد پر اڑے رہے، اور اپنے پیرو مرشد کی ایک نہ مانی۔ جس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ براہینِ قاطعہ آج تک اسی انداز سے چھپ رہی ہے جیسی ابتدا میں لکھی گئی تھی۔

اپنے خلفا کے درمیان مسلکی اختلاف کی اطلاع پا کر ان کے تصفیہ کے لیے حاجی صاحب نے فیصلۂ ہفت مسئلہ کے نام سے ایک مختصر سی کتاب لکھی جو (۱) مولود شریف (۲) فاتحہ (۳) عرس وسماع (۴) ندائے غیر اللہ (۵) جماعتِ ثانیہ (۶) امکانِ نظیر (۷) امکانِ کذب کے مسائل میں اثباتِ مسلک اہل سنت پر مشتمل ہے۔ اس فیصلۂ ہفت مسئلہ کے ساتھ یہ سلوک ہوا کہ اسے نذر آتش کر دیا گیا۔

اب نذر آتش کرنے کا حادثہ خواجہ حسن ثانی نظامی (درگاہ حضرت نظام الدین اولیا

(۱) پورا خط انوار ساطعہ ص: ۷، ۸ پر فارسی زبان میں مطبوع ہو چکا ہے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

دہلی) کی زبانی سنیے :

نذر آتش کرنے کی یہ خدمت والدی حضرت خواجہ حسن نظامی کے سپرد ہوئی جو اس وقت گنگوہ میں حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی کے یہاں زیر تعلیم تھے۔ لیکن خواجہ صاحب نے جلانے سے پہلے اس کو پڑھا اور جب ان کو وہ کتاب اچھی معلوم ہوئی تو انھوں نے استاد کے حکم کی تعمیل میں آدھی کتابیں تو جلا دیں اور آدھی بچا کر رکھ لیں۔

بہرحال اس تاریخی پس منظر کو بیان کرنے کا مقصد اس تاریخی حقیقت کی طرف توجہ دلانا مقصود تھا کہ سنیت اور دیوبندیت کا اختلاف دراصل حاجی امداداللہ صاحب مہاجر مکی کے خلفا کے مابین پیدا ہوا اور ان ہی کے درمیان پلا، بڑھا اور پروان چڑھا، اور اس میں دیگر علما و مشائخ کی شرکت بہت بعد میں ہوئی۔ اور جن مسائل میں اختلاف ہوا، ان میں محفل میلاد سر فہرست ہے۔

لہذا یہ کہنا کہ سنیت اور دیوبندیت کے درمیان اختلاف کا آغاز مولانا احمد رضا بریلوی نے کیا، تاریخ سے ناواقفیت اور جہالت پر مبنی ہے۔

منکرین میلاد نے تب سے اب تک محفل میلاد سے روکنے کی سرتوڑ کوششیں کیں مگر عاشقان مصطفیٰ ہر دور میں اپنے محبوب آقا ﷺ کی محبت کے گن گاتے رہے اور ان کے نام کا ڈنکا بجاتے رہے اور ان شاء اللہ قیامت تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

حشر تک ڈالیں گے ہم پیدائش مولیٰ کی دُھوم
مثل فارس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے

خاک ہوجائیں عدو جل کر مگر ہم تو رضاؔ
دم میں جب تک دم ہے ذکر ان کا سناتے جائیں گے

☆☆☆☆☆

اس مضمون کا بیشتر حصہ علامہ افروز قادری صاحب کے مضمون 'انوار ساطعہ کے پس منظر' سے لیا گیا ہے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کچھ کتاب ہذا کے بارے میں

دافع الاوہام فی محفل خیر الانام علیہ السلام بصورت مثنوی مجوزین میلاد کے لئے ایک بہترین تحفہ ہے اور مانعین کے لئے دعوت فکر۔ حضرت مصنف علیہ الرحمۃ نے نظم اور نثر میں ٹھوس دلائل فراہم کیے جنہیں پڑھ کر ان شاء اللہ عاشقان مصطفیٰ علیہ السلام کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی اور قلوب واذہان راحت پائیں گے۔

میں محب گرامی جناب محمد میثم عباس رضوی صاحب سلمہ اللہ کا نہایت مشکور ہوں جنہوں نے یہ کتاب مجھے عنایت فرمائی۔ دوران مطالعہ اُسلوب کتاب نے متاثر کیا اور ذہن بنا کہ اس کی جدید ترتیب وتخریج کے ساتھ اشاعت کا اہتمام کیا جائے۔ الحمدللہ شب و روز یکسوئی کے ساتھ جدید ترتیب وتخریج وحواشی کا کام مکمل کیا۔ اکثر عربی عبارات وآیات قرآنیہ و احادیث نبویہ کا ترجمہ تو فاضل مصنف نے خود ہی کر دیا تھا، جو رہ گئیں ان کا ترجمہ بھی شامل کر دیا گیا ہے۔ مصنف کے حواشی کے علاوہ جہاں ضرورت محسوس ہوئی، راقم نے بھی حاشیہ تحریر کیا ہے اور اس کی نشاندہی آخر میں لفظ ''قادری'' سے کر دی ہے۔ قدیم رسم الخط کو جدید میں بدل دیا ہے اور عبارت کو بامحاورہ بنا دیا ہے۔ قدیم نسخہ میں پائی جانے والی کتابت کی اغلاط کی اصلاح کر دی ہے، بیشتر جگہ عربی وفارسی عبارات کو اصل کتاب سے چیک کر کے نامکمل عبارات کی تکمیل کا اہتمام کر دیا گیا ہے۔

میں علامہ افروز قادری مدظلہ العالی (ساؤتھ افریقہ)، مفتی محمد کاشف رضوی (بنگلور، انڈیا) اور مفتی محمد عاصم صدیقی (نورٹی وی، کراچی) اور خاص طور پر جناب میثم عباس رضوی صاحب سلمہ الباری کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے اس کتاب کو حلیہء جدیدہ سے آراستہ کرنے میں تعاون کیا۔ اللہ عزوجل انہیں اس تعاون کی بہترین جزا عطا فرمائے اور اس کتاب کو ہم سب کے لئے وسیلہء بخشش بنائے۔ آمین بجاہ النبی الامین علیہ السلام

☆☆☆☆☆

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کرتا ہوں ذکر محفل مولود ❁ کر کے مالک کا شکر پڑھ کے درود

عطر خلعت بسا کے لاؤ تم ❁ مومنو یاں ادب سے آؤ تم

مولد مصطفیٰ کی محفل ہے ❁ ذکر خیرالوری کی محفل ہے

محفل اس شافع اُمم کی ہے ❁ محفل اس شاہِ ذی حشم کی ہے

اسی نورِ خدا کا ہے مذکور ❁ پھیلا آفاق میں ہے جس کا نور

ہے خوشی ان کے خیر مقدم کی ❁ ہو گی جن سے نجات عالم کی

ان کے مولد کا شادیانہ ہے ❁ جن کو سب انبیا نے مانا ہے

لے کے رحمت فرشتے آتے ہیں ❁ جہاں یہ ذکر خیر پاتے ہیں

کیوں نہ رحمت کا ہو ورود اس میں ❁ پڑھتے کثرت سے ہیں درود اس میں

دوڑے آتے ہیں یاں محبت سے ❁ عشق ہے جن کو ذکر حضرت سے

شان اپنے نبی کی پہچانو ❁ آؤ آداب سے مسلمانو!

سنو آ کر زبان بیدلؔ سے ❁ وصف حضرت کا جان سے دل سے

اِثباتِ ذکرِ ولادت شریف از قرآن وحدیث

خاص خیرالوری سے ثابت ہے ❁ یہ بیان مصطفٰے سے ثابت ہے

خود صحابہ میں شرح فرمایا ❁ آپ نے ذکر اپنے مولد کا

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ والہ وسلم اِنِّیْ عِنْدَ اللّٰہِ مَکْتُوْب" خَاتِمُ النَّبِیّٖنَ وَ اِنَّ اٰدَمَ لَمُنْجَدِل" فِیْ طِیْنَتِہٖ وَ سَاُخْبِرُکُمْ بِاَوَّلِ اَمْرِیْ دَعْوَۃُ اِبْرَاھِیْمَ وَ بَشَارَۃُ عِیْسٰی وَ رُؤْیَا

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اُمِّیْ اَلَّتِیْ رَأَتْ حِیْنَ وَضَعَتْنِیْ وَ قَدْ خَرَجَ لَھَا نُوْرًا اَضَاءَ لَھَا مِنْهُ قُصُوْرُ الشَّامَ ۔ [1]

قسطلانی نے یوں کیا ترقیم ❁ کہ یہ فرماتے ہیں رسول کریم
تھی نہ جب روح تن میں آدم کے ❁ مجھ کو ختم الرسل لکھا تب سے
اے صحابہ تمہیں خبر دوں میں ❁ حال اول کا کھولتا ہوں میں
میں وہی ہوں دعاے ابراھیم ❁ جس کی قرآن [2] میں ہے خبر ترقیم
وہی عیسی [3] کی میں بشارت ہوں ❁ وہی احمد میں ذی شرافت ہوں
جب ہوا میں باذنِ حق پیدا ❁ عجب ایک جلوہ نور کا پھیلا
روشنی ہو گئی تمام اس سے ❁ ہوئے روشن قصور شام اس سے
دیکھو ذکر ولادت مقبول ❁ خاص خیرالوری سے ہے منقول
اس کے راوی ہیں یہ اولی الابصار ❁ ابن حبان و حاکم و بزار
اور دانائے علم ربانی ❁ احمد و بیہقی و طبرانی
ایسے ایسے محدثین فحول ❁ کرتے ہیں اس حدیث کو منقول
اب ذرا پڑھ کے تم کلام اللہ ❁ دیکھو اپنے نبی کا شوکت و جاہ
آپ فرماتا ہے خداے کریم ❁ خاص قرآن میں یہ ذکر عظیم

WWW.NAFSEISLAM.COM

[1] مسند احمد، حدیث: ۱۶۵۲۵، مستدرک للحاکم: ۴۱۴۰، معجم الکبیر للطبرانی: ۱۵۰۳۲، دلائل النبوۃ للبیہقی: جلد۱، ص۲۰، شعب الایمان: ۱۳۷۴، صحیح ابن حبان: ۶۱۵۰

[2] یعنی پارہ الم کے رکوع 5 میں: اے رب ہمارے بھیج ان میں رسول ان ہی میں کا، پڑھے ان پر آیتیں تیری اور سکھادے ان کو کتاب اور حکمت۔ [ربنا وابعث فیھم رسولا منھم یتلوا علیھم ایتک و یعلمھم الکتب والحکمۃ] پارہ۱، البقرہ:۱۲۹

[3] پارہ 28 سورہ صف میں ہے کہ عیسی بن مریم نے کہا اے بنی اسرائیل بے شک میں اللہ کا رسول ہوں تمہاری طرف، تصدیق کرتا ہوں توریت کی اور خوشخبری سناتا ہوں میں ایک رسول کی کہ آئے گا وہ میرے بعد، نام ان کا احمد ہے۔۱۲ [قال عیسی ابن مریم یبنی اسرائیل انی رسول اللہ الیکم مصدقا لما بین یدی من التورۃ و مبشرا بالرسول یاتی من بعدی اسمہ احمد] پارہ 28، الصف: 6

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

قَدْ جَآءَ كُمْ مِنَ اللّٰهِ نُوْرٌ [۱]

یعنی احمد ہوا جو پیدا ہے ۞ گویا اک نور تم پہ آیا ہے

دوسری جا وہ خداے غفور ۞ کرتا اس ڈھنگ سے ہے یہ مذکور

لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ [۲]

تم میں آیا ہے یہ رسول کریم ۞ مومنوں کے لیے رؤف و رحیم

الغرض ایسی ہیں بہت امثال ۞ آیا قرآن میں جا بجا یہ حال

ہم جو کرتے ہیں محفل میلاد ۞ اس سے ہے بس یہی ہماری مراد

یعنی دنیا میں آپ یوں آئے ۞ آپ تشریف اس طرح لائے

آپ کے ساتھ آیا ایسا نور ۞ ہو گیا نور سے جہاں معمور

دیکھو انصاف کر کے ایمان سے ۞ ہے یہ ثابت حدیث و قرآن سے

جس کا ماخذ کتاب و سنت ہو ۞ کہو کیوں کر وہ ذکر بدعت ہو

---

[1] یہ آیت رکوع ۳ سورہ مائدہ میں ہے یعنی تحقیق آیا تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور۔ اس آیت میں کبار مفسرین نے ''نور'' سے ذات مصطفیٰ ﷺ مراد لی ہے۔ چنانچہ کچھ اقوال پیشِ خدمت ہیں: تفسیر جلالین میں ہے: ھونور النبی ﷺ یعنی نور سے مراد نور محمد ﷺ ہے۔ [تفسیر جلالین ص ۹۷ مطبوعہ اصح المطابع، دہلی] تفسیر صاوی میں ہے: قولہ ھوالنبی ای سمی نورلانہ ینور البصائر ویھدیھا الرشاد ولانہ اصل کل نور حسی ومعنوی۔ یعنی اللہ عزوجل نے اس آیت میں حضور ﷺ کو نور اس لیے فرمایا کہ حضور بصارتوں کو نورانی کرتے ہیں اور کامیابی کی طرف ہدایت دیتے ہیں اور حضور ﷺ ہر حسی اور معنوی نور کی اصل ہیں۔ [تفسیر صاوی حاشیہ جلالین ج ۱ ص ۲۵۸ مطبوعہ مصطفیٰ البابی مصر] تفسیر بیضاوی میں ہے: وقیل یرید بالنور محمد۔ یعنی مفسرین کا ایک قول یہ بھی ہے کہ یہاں نور سے مراد محمد ﷺ ہیں۔ [تفسیر بیضاوی ج ۲، ص ۳۰۷، مطبوعہ دار الفکر بیروت]۔ قادری۔

[۲] تحقیق آیا تمہارے پاس رسول تمہیں میں کا۔ یہ آیت سورہ توبہ کے آخر میں ہے۔ ۱۲ [پارہ ۱۱، التوبۃ: ۱۲۸]

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

فــائـدہ : اگر کوئی یہ کہے کہ ان دلائل سے اس ذکر کی اصلیت بلا شک ثابت ہوئی اور نیز اس دلیل سے کہ حضرت کا پیدا ہونا البتہ بڑی نعمت ہے اور نعمت کا شکر کرنا اور ذکر کرنا قرآن سے ثابت ہے: وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ [۱] اور دوسری جگہ اِرشاد ہوا ہے: وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ [۲] لیکن ہم نہیں جانتے کہ قیودِ بالائی محفل میلاد کی کہاں سے نکالی ہیں؟؟؟

ہم جواب دیتے ہیں کہ ان سب چیزوں کی اصل قرآن میں ہے، زینت محفل اور تقسیم شیرینی کے منع نہ ہونے پر یہ آیت صریح دلیل ہے :

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِیْ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ [۳]

اس آیت کریمہ کے عموم الفاظ سے ثابت ہوا کہ تجمل اور زیبائش کرنا اور طیبات رزق یعنی عمدہ کھانے کی چیز خود کھانا دوسرے کو کھلانا کسی وقت میں حرام نہیں؛ لیکن ہر وقت تو کوئی شخص یہ امور نہیں کرسکتا البتہ مواقع فرحت وسُرور میں کرتے ہیں اور حضرت ﷺ کے ذکر مقدم شریف سے بہتر کون سا فرحت وسُرور کا موقع ہوگا!۔

مولوی اسحٰق صاحب مائۃ مسائل صفحہ ۱۳۱ میں لکھتے ہیں :

وفی الواقع فرحت مثل فرحت ولادت آنحضرت ﷺ در دیگر امر نیست ـ

الخ [۴] [امداد السائل ترجمہ مائۃ مسائل، ص ۳۳ مطبوعہ الرحیم اکیڈمی، کراچی]

بھلا اگر ایسے موقع فرحت وسرور میں تجمل کرنی اور طیبات رزق کے استعمال

---

[۱] ذکر کرو نعمت الٰہی کا جو تمہارے اوپر ہے۔[پارہ۴، ال عمران:۱۰۳]

[۲] اپنے پروردگار کی نعمت کا بیان کر۔[پارہ۳۰، الضحیٰ:۱۱]

[۳] کہہ، کس نے حرام کی زینت اللہ تعالیٰ کی جو نکالی ہے اپنے بندوں کے واسطے اور پاکیزہ رزق۔ [پارہ۸، الاعراف:۳۲]

[۴] اور حقیقت میں حضور ﷺ کی ولادت شریفہ کی خوشی جیسی خوشی کسی اور کام میں نہیں۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کرنے کو کوئی شخص حرام کہے، کس قدر جرأت کرتا ہے کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے حرام نہیں کیا وہ حرام کرتا ہے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ الْكَذِبَ [۱]

صاحب درمختار نے مسائل شتی میں اس آیت سے دلیل پکڑی ہے، اور کہا ہے کہ تجمل یعنی زیبائش مستحب ہے اور اللہ تعالیٰ نے زینت کو اپنے کلام "قل من حرم زینة اللّٰه" سے مباح کیا اور فتاوی عالمگیریہ کی جلد خامس باب الزینۃ میں مرقوم ہے:

وَ يَجُوْزُ لِلْاِنْسَانِ اَنْ يَّبْسُطَ فِیْ بَيْتِهٖ مَاشَاءَ مِنَ الثِّيَابِ الْمُتَّخِذَةِ مِنَ الصُّوْفِ وَالْقُطْنِ الْمَصْبُوْغَةِ وَغَيْرِهَا وَالْمُنَقَّشَةِ وَغَيْرِهَا [۲]

اور امام نووی کے استاد حافظ ابوشامہ نے کہا:

مَا يُفْعَلُ فِیْ الْيَوْمِ (کل عام) الْمُوَافِقِ لِيَوْمِ مَوْلِدِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنَ الصَّدَقَاتِ (وَالْمَعْرُوْفِ) وَ اِظْهَارِ الزِّيْنَةِ وَالسُّرُوْرِ فَاِنَّ ذٰلِكَ مَعَ مَا فِيْهِ مِنَ الْاِحْسَانِ (لِلْفُقَرَاءِ) مُشْعِرٌ بِمُحَبَّةِ (النَّبِی) صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ تَعْظِيْمِهٖ فِیْ قَلْبِ فَاعِلِ ذٰلِكَ وَ شُكْرِ اللّٰهِ عَلٰی مَا مَنَّ بِهٖ مِنْ اِيْجَادِ رَسُوْلِ

---

[۱] اس سے زیادہ ظالم کون جو افترا کرے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ (کا)۔ [پارہ ۲۸، الصف: ۷] یعنی وہ سب سے زیادہ ظالم ہے جو جھوٹا حکم شرعی بیان کرے، حرام اس (کام) کو کہتے ہیں جس کے فاعل (یعنی کرنے والے) کو عذاب ہو جب ان امور کو حرام کہا تو یہ معنی ہوئے کہ اللہ تعالیٰ ان کو عذاب کرے گا حالاں کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر عذاب کرنے کی خبر نہیں دی۔ بلکہ یہ فرمایا ہے کس نے حرام کیا زینت اللہ کو، پس حرام کہنا اس کا افترا ہے اللہ پر۔ نیز مقابلہ ہے آیت قرآنی کا لاتحرموا الطیبات ما احل اللہ لکم و لا تعتدوا یعنی مت حرام کرو عمدہ لذیذ چیزوں کو جن کو حلال کیا ہے اللہ نے واسطے تمہارے اور مت حد سے بڑھو۔ [پارہ ۷، المائدہ: ۸۷]

[۲] درست ہے آدمی کو کہ بچھادے اپنے گھر میں جو چاہے کپڑے پشمینہ کے یا روئی کے رنگین ہوں یا سادہ نقش دار ہوں یا بے نقش۔ ۱۲ (فتاوی ہندیہ، جلد ۵، ص ۴۴)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اللہِ صَلَّی اللہِ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ [۱]

اور نیز جمع کرنا اسباب کا اور کھانا کھلانا یا شیرینی بانٹنا اور محفل سجانا یہ سب فرحت اور سُرور کا سامان ہے اور فرحت ساتھ حصول رحمت الٰہی کے کرنا قرآن شریف سے ثابت ہے :

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰہِ وَ بِرَحْمَتِہٖ فَبِذٰلِکَ فَلْیَفْرَحُوْا [۲]

اور آنحضرت ﷺ خود رحمت ہیں اور آپ کا دنیا میں تشریف لانا رحمت ہے :

وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ [۳]

اور جبکہ آپ کا تشریف لانا اس عالم میں اور پیدا ہونا رحمت ہوا اور موجب کمال عظمت ٹھہرا تو اس تشریف آوری کو عظیم جاننا اور جس وقت یہ ذکر آئے بتعظیم و آداب کھڑے ہو کر درود و سلام یا مدح و مناقب پڑھنا اس میں رسول اللہ ﷺ کی تعظیم ہے اور تعظیم آپ کی ثابت الاصل ہے۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی : 'وَتُعَزِّرُوْہُ وَ تُوَقِّرُوْہُ'. قَالَ اِبْنِ عَبَّاسٍ فِیْ تَفْسِیْرِ تُعَزِّرُوْہُ اَیْ تُجِلُّوْہُ وَ قَالَ الْمُبَرِّدُ فِیْہِ اَیْ تُبَالِغُوْا فِیْ تَعْظِیْمِہٖ وَ قُرِیَٔ تُعَزِّزُوْہُ مِنَ الْعِزِّ کَذَا فِی الشِّفَاءِ وَ قَالَ اللّٰہُ

---

[۱] جو کچھ کہا جاتا ہے تاریخ ولادت ﷺ میں صدقات اور زیبائش اور خوشی پس یہ کام باوجود یہ کہ اس میں بھلائی ہے ایک اور بھی فائدہ ہے کہ خبر دیتا ہے کہ اس کے دل میں محبت اور تعظیم رسول کی ہے اور یہ کہ اس نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا جو اس نے ہم پر احسان کیا ہے کہ ایسا رسول ہماری ہدایت کو بھیجا۔ [اعانۃ الطالبین، جلد۳، ص:۴۱۴، سبل الہدی والرشاد، جلد۱، ص۳۶۵]

قال اللہ تعالیٰ لقد من اللہ علی المؤمنین اذبعث فیھم رسولا ۔[بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا۔ پارہ ۴، ال عمران:۱۶۴]

[۲] تم فرماؤ اللہ ہی کے فضل اور اسی کی رحمت اور اسی پر چاہیے کہ خوشی کریں۔[پارہ ۱۱، یونس:۵۸]

[۳] اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔[پارہ ۱۷، الانبیاء:۱۰۷]

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

تَعَالٰی: وَمَنْ يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللّٰهِ فَإِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوبِ. [۱]

اور واضح ہو کہ آنحضرت ﷺ معظم شعائر اللہ میں ہیں چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ کی کتاب حجۃ اللہ البالغہ کے صفحہ ۷۰ مطبوعہ بریلی میں یہ مضمون تصریحاً مرقوم ہے۔[۲]

اور مُنیہ کی شرح کبیر میں ابراہیم حلبی نے لکھا ہے:

وَنَحْنُ اُمِرْنَا بِتَعْظِيمِ الْاَنْبِيَاءِ وَ تَوْقِيرِهِمْ. [۳]

اور شفا عیاض میں ہے:

وَاجِب" عَلٰی کُلِّ مُؤمِن" عِنْدَ ذِکْرِ النَّبِیِّ ﷺ اَنْ يَتَوَقَّرَ وَ يَاخُذُنِیْ هَيْبَتِهٖ وَ اِجْلَالِهٖ انتهی.[۴] ملخصا

اور شک نہیں اس میں کہ یہ قیام جو مروج ہے محفل مولد شریف میں اس میں تعظیم اور اجلال ہے رسول اللہ ﷺ کا اور اسی واسطے صاحب تفسیر روح البیان نے سورہ فتح میں لکھا ہے:

وَمِنْ تَعْظِيمِهٖ ﷺ عَمَلِ الْمُوْلِدُ. الخ [۵]

---

[۱] فرمایا اللہ تعالی نے مدد کرو اس کی اور توقیر کرو۔ [پارہ ۲۶، الفتح: ۹] ابن عباس رضی اللہ عنہما نے لفظ "تعزروہ" کی تفسیر میں کہا کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ اجلال اور بزرگی کرو اس کی اور کہا مُبَرِّد نے کہ مبالغہ کرو اس کی تعظیم میں اور بعض قاریوں نے اس طرح بھی پڑھا ہے کہ تعزروہ کی واؤ مہملہ کو واؤ معجمہ پڑھا ہے یعنی تعزروہ۔ یہ عزت سے نکلا ہے یعنی اس کی عزت کرو، یہ سب کتاب شفاء (قاضی عیاض) میں ہے۔ (شفاء جلد ۲، ص ۳۵) اور فرمایا اللہ تعالی نے جو تعظیم دے اللہ تعالی کی نشانیوں کو پس تحقیق یہ دلوں کی پرہیزگاری سے ہے [پارہ ۱۷، الحج: ۳۲] ۱۲ منہ

[۲] حجۃ اللہ البالغہ، باب شعائر اللہ کی تعظیم کے بیان میں، صفحہ ۱۲۷، مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ، لاہور

[۳] صفحہ ۳۰۳ میں ہے کہ ہم حکم کئے گئے ہیں پیغمبروں کی تعظیم اور توقیر کے واسطے۔

[۴] ہر مسلمان پر یہ واجب ہے کہ جب نبی ﷺ کا ذکر ہو توقیر کرے اور دل میں ان کی ہیبت اور بزرگی سمائے۔ ۱۲ (الشفاء جلد ۲، ص ۴۰ ملخصًا)

[۵] یعنی حضرت ﷺ کی تعظیم میں یہ بات داخل ہے کہ آدمی مولد شریف کیا کرے۔ (تفسیر روح البیان، جلد ۱۴، ص ۴۱)

https://archive.org/details/@zohaibhasana

https://ataunnabi.blogspot.com/

اب اگر کوئی یہ کہے کہ واقعی ان سب امور کی اصلیت دین سے ثابت ہے لیکن یہ ہیئت کذائی اور صورت مجموعی حضرت کے وقت نہ تھی۔ ہم کہتے ہیں کہ جس چیز کی اصلیت ثابت ہو وہ کسی ہیئت مباح کے لاحق ہونے سے ممنوع نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی نے رسالہ انتباہ کے مقدمہ میں اس کو تحقیق کیا ہے :

باید دانست کہ یکی از نعم خدا تعالی بر امۃ مصطفویہ علی صاحبہا الصلوۃ والتسلیمات آنست کہ تا امروز سلسلہا ایشاں تا حضرت پیغمبر ﷺ صحیح و ثابت است و اگرچہ اوائل امت را بہ اواخر امت در بعض امور اختلاف بودہ است پس صوفیہ صافیہ ارتباط ایشاں در زمن اول بصحبت وتعلیم وتادب بآداب وتہذیب نفس بودہ است نہ بخرقہ و بیعت و در زمن سید الطائفہ جنید بغدادی رسم خرقہ ظاہر شد و بعد ازاں رسم بیعت پیدا گشت وارتباط سلسلہ بہیہ ایں امور متحقق است واختلاف صور ارتباط ضرر نمی کند وخرقہ و بیعت را اصلے ہست۔ از سنت سنیہ اما خرقہ پس اصلش الباس آنحضرت است صلی اللہ علیہ وسلم عمامہ را بہ عبد الرحمٰن بن عوف در وقتیکہ امیر لشکر گردانید۔ واما بیعت پس وجود آں واعتبار بآن از آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مستفیض یقینی است کما لا یخفی وعلمائے کرام ارتباط ایشاں در زمن اول باستماع احادیث وحفظ آں در دعا قلب بود بعد ازاں تصنیف کتب وقراۃ ومنادلہ واجازت وودجادۃ آن پیدا شد و ارتباط سلسلہ بہمہ نوع ایں امور صحیح است واختلاف صور را اثری نیست الی آخرہ۔ [۱]

---

[۱] جاننا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی جو نعمتیں اس امت محمدی پر ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ سلسلوں کا ربط آنحضرت ﷺ تک صحیح وثابت ہے اگرچہ بعض امور میں اوائل امت اور اواخر امت

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اس کے علاوہ فتاوی عالمگیریہ کی جلد خامس باب آداب المسجد والمصحف میں ہے:

لَا بَاسَ بِکِتَابَةِ اسَامِی السُّوَرِ وَعَدَدِ الْاٰیِ وَ هُوَ اِنْ کَانَ اِحْدَاثًا فَهُوَ بِدْعَة" حَسَنَة" وَ کَمْ مِنْ شَیْءٍ اِحْدَاثًا وَ هُوَ بِدْعَة" حَسَنَة". [۲]

اور احیاء العلوم کی جلد اوّل بیان کتابت قرآن میں ہے :

وَلَا یَمْنَعُ ذَالِکَ مِنْ کُوْنِهٖ مُحَدَّثًا فَکَمْ مِنْ مُحَدَّثٍ حَسَن" [۳] اور

صاحب کبیری نے تحقیق تلفظ بالنیت میں لکھاہے :

وَهٰذِهٖ بِدْعَة" لٰکِنَّ عَدَمَ النَّقْلِ وَ کَوْنَهٗ بِدْعَةً لَا یُنَافِیْ کَوْنَهٗ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۶۔۔۔) میں اختلاف ہوا ہو تو حضرات صوفیہ صافیہ جو اول زمانہ میں ہوئے ہیں تو ان کا ارتباط صحبت اور تعلیم اور نفس کی تہذیب کے آداب سے مودب ہونے سے تھا۔ اس وقت خرقہ اور بیعت نہ تھی اور سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی قدس سرہ کے زمانہ میں خرقہ کی رسم ظاہر ہوئی اور بعد اس کے بیعت کا دستور جاری ہوا اور ارتباط ان امور کے سلسلہء روشن کا متحقق یعنی صحیح و ثابت ہے اور ارتباط یعنی رابطے کی صورتیں مختلف ہیں ان سے کچھ ضرر نہیں۔ اور خرقہ اور بیعت کی اصل ہے سنیت سنیہ۔ تو خرقہ کی اصل تو لباس عمامہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو عطا فرمایا تھا جب ان کو امیر لشکر کیا تھا اور بیعت کی اصل خود آنحضرت ﷺ سے مستفیض اور متواتر یقینی ہے کچھ پوشیدہ نہیں۔ پس زمانہء اول میں علمائے کرام کا ارتباط حدیثیں سننے اور ان کو اپنے دل میں محفوظ کرنا تھا اس کے بعد کتابیں تصنیف ہوئیں اور قرأۃ منادلہ اور اجازت اور وجادت جاری ہوئی اور سلسلوں کا ارتباط ان سب امور میں صحیح ہے اور صورتوں کے اختلاف کا اس میں کچھ مضائقہ نہیں۔ (انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ، ص ۳۔۲، ادارہ ضیاء السنۃ، ملتان)

[۲] قرآن میں سورتوں کا نام اور آیتوں کا شمار لکھ دینے میں مضائقہ نہیں یہ اگرچہ نئی بات ہے لیکن اچھی ہے اور بہتیری نئی نکالی چیزیں اچھی ہوتی ہیں یعنی ان کو بدعت حسنہ کہتے ہیں۔۱۲[فتاوی ھندیہ جلد ۵، ص ۲۷]

[۳] اور نئی بات ہونے کے بسبب یہ منع نہیں ہے، بہتیری نئی باتیں اچھی ہوتی ہیں۔۱۲[احیاء العلوم جلد ۱، ص ۲۸۶]

https://archive.org/details/@zohaibhasana

https://ataunnabi.blogspot.com/

حَسَنًا لِقَصْدِ اِجْتِمَاعِ الْعَزِيْمَةِ عَلٰى مَا اَشَارَ اِلَيْهِ فِي الْهِدَايَةِ وَ صَرَّحَ بِهٖ فِي التَّجْنِيْسِ وَ هٰذَا هُوَ الْمُخْتَارُ. [۱]

پس معلوم ہوا کہ ہر امر جدید قبیح و ضلالت نہیں ہوتا ورنہ یہ مدرسوں کی ہیئت کذائی یعنی گرد آوری (چار دیواری) چندہ اور فقہ پڑھانے والوں کو تنخواہ مقرر کرنا اور تعیین کتب صرف ونحو و منطق وغیرہ جو ہرگز یہ امور حدیث قرون ثلاثہ سے بایں صورت مجموعی تعلیم دین کے واسطے ثابت نہیں بالکل ضلالت اور موجب عذاب ہوتے۔ حاشا وکلا امر حق اور تحقیق صحیح یہ ہے کہ جو امر جدید مخالف دین ہو یعنی اس سے کوئی حکم کتاب وسنت کا ٹوٹتا ہو وہ بدعت ضلالت ہے ورنہ محمود اور حسن ہے۔

سیرت حلبی وغیرہ میں ہے :

قَالَ الشَّافِعِي قدس الله سره مَا اُحْدِثَ وَ خَالَفَ كِتَابًا اَوْ سُنَّةً اَوْ اِجْمَاعًا اَوْ اَثَرًا فَهُوَ الْبِدْعَةُ الضَّلَالَةُ وَ مَا اُحْدِثَ مِنَ الْخَيْرِ وَ لَمْ يُخَالِفْ مِنْ ذٰلِكَ فَهُوَ الْبِدْعَةُ الْمَحْمُوْدَةُ. [۲]

اور احیاء العلوم کی جلد دوسری صفحہ ۷۲ امطبوعہ نولکشور میں ہے :

اِنَّمَا الْمَحْذُوْرُ بِدْعَةٌ تَرَاغِمُ سُنَّةً مَاْمُوْرًا بِهَا [۳]

اور یہی بیان ہے علامہ عینی شارح بخاری اور ابو شکور سالمی اور شارح درمختار اور

[۱] اور یہ یعنی نیت نماز کی زبان سے کہنا بدعت ہے لیکن منقول ہونا اس کا دین میں اور بدعت ہونا اس کا نہیں نقصان کرتا اچھا ہونے کو واسطے ارادہ ء دل جمعی کے جیسا کہ اشارہ کیا ہے اس طرف ہدایہ میں اور صاف لکھا ہے تجنیس میں اور یہی پسند اور مختار ہے۔ ۱۲

[۲] جو بات نئی نکالی گئی اور وہ کتاب اللہ، حدیث یا اجماع یا قول صحابہ کے مخالف ہوئی تو وہ بدعت گمراہی ہے اور جونئی بات خیر نکالی گئی اور کسی کو ان (یعنی قرآن، حدیث، اجماع، اقوال صحابہ) میں سے مخالفت نہیں ہے تو وہ بدعت محمود پسندیدہ ہے۔ ۱۲

[۳] اسی بدعت کا اندیشہ ہے جو کسی سنت حکم کو پامال کردے یا مٹادے۔ (احیاء العلوم، جلد ۲ ص ۱۴۱ ملخصًا)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

صاحب مجمع البحار وغیرہم جمہور امت محمدیہ کا اور اہل اسلام نے اجماع کیا ہے اس بات پر کہ جو امر جدید ایسا ہو کہ اس میں خیر ہوتی ہے وہ بالاتفاق جائز بلکہ مستحسن ہے چنانچہ سیرت حلبی وغیرہ کتب دین میں اس کی تصریح موجود ہے اور شیخ ابن حجر نے لکھا ہے :

وَ عَمَلُ الْمُوْلِدِ وَ اِجْتَمَاعُ النَّاسِ لَهٗ كَذٰلِكَ .

یعنی یہ محفل کرنی مولد شریف کی اسی قسم کے امور جدیدہ سے ہے کہ جس کے جواز پر اتفاق ہے۔

اور باقی تحقیق بدعت کی درباب قیام نثر میں بطور فائدہ کے مذکور ہوگی۔

یہ بھی جان لینا چاہیے کہ ان امور پر جو لوگ اعتراض کرتے ہیں یہ امور ایسے ہیں کہ یا ان کا مسنون ہونا خود ثابت ہے یا ایسے ہیں کہ ان کا شرعاً منع ہونا ثابت نہیں پس وہ بھی جائز اور مباح ہیں بحسب قاعدہ اصول کے جس کو شامی اور ابن ہمام وغیرہ نے بیان کیا ہے :

اَلْمُخْتَارُ عِنْدَ الْجَمْهُوْرِ مِنَ الشَّافِعِيَّةِ وَالْحَنَفِيَّةِ اِنَّ الْاَصْلَ فِي الْاَشْيَاءِ الْاِبَاحَةُ . [۱]

اس قاعدہ کے علاوہ کچھ کچھ ان امور کا بیان جداگانہ بھی مولف نے اشعار آئندہ میں بیان کیا ہے اور یہ بھی معلوم ہو کہ اس عاجز کا یہ ارادہ تھا کہ بعض باتیں جو اس مثنوی سے متعلق ہیں ان کو حاشیہ میں لکھے لیکن اس میں بعض خرابیاں معلوم ہوئیں ناگزیر یہ مصلحت ٹھہری کہ جس مقام پر کوئی فائدہ یا نقل عبارت سلف منظور ہو وہ اسی مقام پر اشعار مثنوی کی ذیل میں بعبارت نثر لکھ کر بطور فائدہ عین متن میں درج کیا جائے۔

[۱] ائمہ حنفیہ وشافعیہ کے نزدیک مختار قول یہ ہے کہ تمام اشیاء میں اصل اباحت ہے۔ (مرقاۃ المفاتیح، کتاب الاطعمہ، جلد ۸، ص ۷۵ مطبوعہ المکتبۃ الحبیبیہ کوئٹہ)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بعض کہتے ہیں مولد شریف مجمع میں پڑھنا منع ہے۔

یہ بیان گر کیا مجالس میں ❁ کہو کیا عیب آ گیا اس میں
مومنوں کا ہے اجتماع حرام ❁ یا ہے ذکر نبی میں تم کو کلام
خیر ہے [۱] مومنوں کی جمعیت ❁ ذکر حضرت [۲] ہے موجب رحمت
پڑھنا مجمع میں جانو سنت تم ❁ ہے مشیر اس طرف ساخبو کم [۳]

بیان تقسیم شیرینی

سب میں تقسیم اگر مٹھائی ہوئی ❁ تم کہو اس میں کیا برائی ہوئی
کرتے ہیں یوں روایت اہل تمیز ❁ رکھتا [۴] مومن ہے دوست شیریں چیز
وہ نبی جو خدا کے تھے محبوب ❁ شہد و شیرینی ان کو تھی مرغوب

---

[۱] دیکھو نماز میں ایک آدمی کو ایک نماز کا ثواب ملتا ہے اور جب دو ہو گئے ستائیس درجہ بڑھ جاتے ہیں اور جس قدر زیادہ ہوں اس قدر اللہ تعالی کو زیادہ محبوب ہیں اور حصن حصین میں صحاح ستہ سے ہے کہ عند الاجتماع المسلمین دعا قبول ہوتی ہے۔۱۲

[۲] اس واسطے کہ تَنْزِیْلُ الرَّحْمَةِ عِنْدَ ذِکْرِ الصَّالِحِیْن (کشف الخفاء رقم الحدیث: ۱۷۷۰، جلد۲ ص ۶۵) یعنی ذکر صالحین کے وقت رحمت اترتی ہے اور حضرت تو سید الصالحین ہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپ کے ذکر میں تو رحمت کا نزول بدرجہ اولی ہوگا۔۱۲

[۳] اس مثنوی (کے) شروع میں جو حدیث ہے اس میں یہ لفظ سَاُخْبِرُکُمْ ہے۔ اس میں ضمیر جمع تخاطب کی موجود ہے معلوم ہوا کہ حضرت نے جمعیت کے سامنے حال ولادت شریف بیان کیا۔۱۲

[۴] روح البیان کی دوسری جلد صفحہ ۹ میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تحقیق مومن شیریں ہے وہ شیرینی کو دوست رکھتا ہے۔۱۲

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

كَانَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ [۱]. رواه البخاری .

ایسی محبوب چیز [۲] کا دینا ❀ ہے ثواب عظیم کا لینا
ہے حدیث صحیح میں آیا ❀ سید المرسلیں نے فرمایا
مومنو تم عذاب [۳] سے بچ جاؤ ❀ آدھا خرما بھی گر کسی کو کھلاؤ
اِتَّقُوْا النَّارَ وَ لَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ .[۳]

آدھے خرمے میں جب ہو ٹلتا عذاب ❀ کیوں نہ شیرینی بانٹنا ہو ثواب [۴]

ذکر خوشبو مثل عطر و گلاب و لوبان

اور نیا طرفہ ماجرا دیکھو ❀ منع کرتے ہیں لوگ خوشبو کو
جس سے روح اور دماغ ہو تازہ ❀ کھل کے دل مثل باغ ہو تازہ
دیتی خوشبو ہے نزہتِ انفاس ❀ تیز کرتی ہے عقل و ہوش و حواس
ہے حدیث صحیح میں مذکور ❀ تھے رسول خدا جلاتے بخور

---

[۱] رسول خدا ﷺ شہد اور مٹھائی کو دوست رکھتے تھے، اسے بخاری نے روایت کیا۔۱۲ (بخاری، رقم الحدیث: ۵۰۱۱، ۵۱۷۰، مسلم: ۲۶۹۵، سنن ابی داود: ۳۲۲۷، سنن الترمذی: ۱۷۵۴)

[۲] قرآن شریف میں ہے: لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ. یعنی تم ہرگز بھلائی اور نیکی نہ پاؤ گے جب تک وہ چیز نہ خرچ کرو گے جس کو تم محبوب رکھتے ہو [پارہ ۴، ال عمران: ۱۲]

[۳] آگ سے بچو اگرچہ آدھا چھوہارا دے کر۔ یہ حدیث شاہ ولی اللہ نے اسناد صحیح سے اپنی چہل حدیث میں روایت کی۔ (بخاری: رقم الحدیث: ۱۳۲۸، ۵۵۶۴، ۶۰۵۸، ۶۰۷۸، مسلم: ۱۶۸۸، ۱۶۸۹، ۱۶۹۰، سنن النسائی: ۲۵۰۵، ۲۵۰۶)

[۴] قدیم نسخہ میں یہاں کاتب کی غلطی سے "ثواب" کی بجائے "عذاب" لکھا ہے۔ قادری

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

كَانَ ابْنِ عُمَرَ إِذَا اسْتَجْمَرَ اسْتَجْمَرَ بِالْأَلُوَّةِ غَيْرَ مُطَرَّاةٍ وَ بِكَافُورٍ يَطْرَحُهُ مَعَ الْأَلُوَّةِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ يَسْتَجْمِرُ" رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. رواه مسلم [۱]

دیکھو خوشبو پسند حضرت ہے ❁ اس کو محبوب رکھنا سنت ہے

ہیں یہ فرماتے مصطفیٰ کہ ہمیں ❁ آئی خوشبو پسند دنیا میں

فِي الْمُنَبِّهَاتِ حُبِّبَ إِلَيَّ مِنْ دُنْيَاكُمْ ثَلٰثٌ": اَلطِّيْبُ وَالنِّسَاءُ وَ جُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ.

. وَ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَرْبَعٌ" مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِيْنَ : اَلْخِتَانُ وَالتَّعَطُّرُ وَالسِّوَاكُ وَالنِّكَاحُ . كذا في المشكوٰة. [۲]

جو مجامع ہیں مثل جمعہ و عید ❁ سب میں خوشبو کی آئی ہے تاکید

وصف حضرت کا پڑھتے ہوں جس جائے ❁ کیوں نہ عطر و گلاب چھڑکا جائے

ذکر جس جائے ہو پیمبر کا ❁ کیوں نہ ہو عطر مشک و عنبر کا

[۱] ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما جس وقت خوشبو کی دھونی لیتے تھے تو 'اگر' خالص کے بغیر ملائے اور چیز کی اور کبھی 'اگر' کی دھونی لیتے تھے اور کبھی 'اگر' کے ساتھ کافور بھی ڈالتے اور فرماتے کہ اسی طرح رسول اللہ ﷺ خوشبو کی دھونی لیتے۔ (مسلم: رقم الحدیث: ۴۱۸۴)

[۲] ملبہات میں ہے کہ مجھ کو تمہاری دنیا میں تین چیزیں محبوب ہوئیں: ایک خوشبو، دوسری عورتیں کہ نسل کی ترقی کا سبب ہیں، تیسری یہ کہ میری آنکھوں کی روشنی اور خنکی (تازگی) نماز میں ہے۔
[نسائی: ۳۸۷۸، مسند احمد: ۱۱۸۴۵، ۱۲۵۸۴، سنن الکبری للبیہقی، جلد ۷ ص ۷۸، مصنف عبدالرزاق: ۷۹۳۹، مستدرک للحاکم: ۲۶۲۷)
اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چار چیزیں پیغمبروں کی سنت ہیں: ختنہ کرانا اور خوشبو لگانا، مسواک کرنا، نکاح کرنا (تا کہ اولاد پیدا ہو اور وہ ذکر اللہ کریں اور اسلام کی مدد کریں)۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا جیسا کہ مشکوۃ میں ہے۔ (ترمذی: ۱۰۸۰، مصنف عبدالرزاق: ۱۰۳۹۰)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

اگر کوئی شخص اس محفل میں پھول لے آئے، رد نہ کرنا چاہیے

رکھے گر کوئی پھول مجلس میں ❁ کیوں عبث شور کرتے ہو اس میں
پھول رکھنے میں کیا برائی ہے ❁ رنگ و خوشبو ہے خوشنمائی ہے
بوئے خوش تھی پسند طبع رسول ❁ پھول ہیں بوئے خوش کی اصل اصول
کل نباتات کے بہار ہیں پھول ❁ باغ جنت کے یادگار ہیں پھول
ترمذی کی حدیث پڑھ دیکھو ❁ ہے یہ حکم آپ کا صحابہ کو
پھول کو دیکھو کوئی رد نہ کرے ❁ کیونکہ نکلا ہے پھول جنت سے

اِذَا اُعْطِیَ اَحَدُکُمُ الرَّیْحَانَ فَلَا یَرُدَّہٗ فَاِنَّہٗ خَرَجَ مِنَ الْجَنَّۃِ.[۱]

جس سے جنت کی یاد ہو دل میں ❁ جرم کیا ہے جو رکھیں محفل میں

قیامِ تعظیمی کا بیان

کرتے ہیں مفتیان دیں ترقیم ❁ یَسْتَحَبُّ الْقِیَامَ لِلتَّعْظِیْم
اپنے مخدوم پیشوا کے لیے ❁ اہل دل ہوتے ہیں ادب سے کھڑے
لاتے تشریف جب نبی کریم ❁ اٹھ کے دیتی تھیں فاطمہ تعظیم

---

[۱] جس وقت تم میں سے کسی کو پھول دیا جائے تو چاہیے کہ رد نہ کرے اس واسطے کہ پھول جنت سے نکلا ہے۔ اسے ترمذی نے شمائل میں روایت کیا۔ (ترمذی: ۲۷۱۵، شمائل المحمدیہ للترمذی، ص ۲۵۰)

WWW.NAFSEISLAM.COM

https://ataunnabi.blogspot.com/

كَانَ اِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ اِلَيْهِ فَاخَذَتْ بِيَدِهٖ فَقَبَّلَتْ وَاَجْلَسَتْهُ فِىْ مَجْلِسِهَا وَ اَمَرَ النَّبِىُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ وَاَقَرَّهُ الشَّيْخُ وَلِىُّ اللّٰهِ فِى بَيَانِ الْقِيَامِ فِى حُجَّةِ اللّٰهِ الْبَالِغَة وَاحْتَجَّ بِهٖ الْجَمَاهِيْرِ لِاسْتِحْبَابِ الْقِيَامِ تَعْظِيْمًا كَمَا فِى مَجْمَعِ الْبِحَارِ فَمَا ذَهَبَ اِلَيْهِ الْبَعْضُ اِنَّهٗ كَانَ لِاِعَانَةِ سَعْدٍ وَّاِنْزَالِهٖ مِنَ الْحِمَارِ ضَعِيْف" لَا يُسْمَعُ فِىْ مُقَابَلَةِ الْجَمَاهِيْرِ[۱]

جب شریعت سے ہو چکا معلوم ❁ مستحب ہے قیام بہر قدوم
اٹھتے مولد میں ہیں جو باتکریم ❁ یہ بھی سمجھو قدوم کی تعظیم
یہی معنی ہیں بس ولادت کے ❁ یعنی آپ اس جہان میں آئے
دار دنیا میں آنا حضرت کا ❁ تھا نہایت جلال و عظمت کا
لکھتے راوی ہیں اُس گھڑی کا حال ❁ کیا حوروں نے آ کے استقبال
تھے فرشتے کھڑے ادب کے ساتھ ❁ تھا ادب سید عرب کے ساتھ
سامنے آمنہ کے تھے جبریل ❁ دہنی جانب کھڑے تھے میکائیل

---

[۱] تحقیق رسول خدا ﷺ جس وقت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاتے وہ ان کے واسطے کھڑی ہو جاتی تھیں اور حضرت کا ہاتھ پکڑتیں اور بوسہ دیتیں اور ان کو بیٹھنے کی جگہ بٹھاتیں۔ نبی ﷺ نے صحابہ کو حکم کیا کہ سردار کے واسطے کھڑے ہو جاؤ۔ (بخاری: ۳۰۴۳، مسلم: ۱۷۶۸، سنن ابی داود: ۵۲۱۵، مصنف ابن ابی شیبہ: ۳۶۸۳۰) اور شاہ ولی اللہ نے قیام تعظیمی کو اپنی کتاب حجۃ اللہ البالغہ میں مان لیا اور اس حدیث سے گروہ کے گروہ نے قیام تعظیمی کے مستحب ہونے کی دلیل پکڑی ہے۔ جیسا کہ مجمع البحار میں لکھا ہے پھر وہ جو بعض کہتے ہیں کہ حضرت کا قیام کے لیے حکم دینا اس واسطے تھا کہ سعد کی مدد کریں اور حمار کے اوپر سے اترے، ان کا یہ تاویل کرنا ضعیف ہے۔ جماہیر کے مقابلے میں (ایسا قول) نہیں سنا جاتا۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

لب ہاتف پہ ہر طرف تھی ندا ۞ آج احمد نبی ہوئے پیدا
جب یہ آوازہ پھیلا دنیا میں ۞ زلزلہ آیا قصر کسری میں
کیا کعبہ نے سجدہ با تکریم ۞ جھک کے سوئے مقام ابراہیم
آپ کی ذات ازل میں تھی اک نور ۞ اور حجابوں میں تہ با تہ مستور
پھر جو اترا وہ نور دنیا میں ۞ تھا چھپا امہات و آبا میں
اب وہ نور آیا قطع کر کے حجاب ۞ نکلے بدلی سے جس طرح مہتاب
حق نے ہم پر کیا بڑا احسان ۞ بھیجا ایسا رسول عالی شان
حشر تک بھی نہ ہو گا ہم سے ادا ۞ شکر حضرت کی خیر مقدم کا
الغرض مولد رسول کا حال ۞ پڑھتے ہیں جب بعزت و اجلال
مصطفیٰ کا جلال و شوکت و فر ۞ ہوتا ہے اہلِ دیں کے پیش نظر
پڑھتے ہیں اُس گھڑی درود وسلام ۞ کھڑے ہو کر بعزت و اکرام
شرک اس میں خدا کے ساتھ نہیں ۞ اور نہ بدعت کا یاں پتا ہے کہیں
کیا اسی کا ہے شرک و بدعت نام ۞ کھڑے ہوکر پڑھیں درود وسلام
جس میں حاصل نبی کی عظمت ہو ۞ کہو کیوں کر وہ شرک و بدعت ہو

فائدہ: یہ جو لکھا ہے کہ اس قیام میں بدعت کا کچھ نشان نہیں یہ اس لیے کہ جس مقام پر لفظ بدعت بغیر لفظ حسنہ کے بولتے ہیں اس سے مراد بدعت سیئہ ہوتی ہے۔ چنانچہ مأۃ مسائل مطبوعہ دہلی کے صفحہ ۹۵ میں یہ قاعدہ مولوی اسحٰق صاحب نے لکھا ہے اور یہ تحقیق فائدہ سابقہ میں گزر چکی کہ بدعت سیئہ وہ ہے جس سے کوئی حکم قرآن یا حدیث یا اجماع کا ٹوٹتا ہو اور ظاہر ہے کہ اس قیام میں یہ بات نہیں بلکہ اس کا ثبوت

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

قاعدہ شرعیہ سے علمائے سابقین نے استنباط کیا ہے، اور ابن حجر اور سیوطی وغیرہ بہت اجلہ علماء نے اس کو جائز رکھا ہے۔ اور مائۃ مسائل مذکورہ کے صفحہ ۹۴ میں درباب بدعت نہ ہونے اصطلاحاتِ فقہا اور علماء کے مذکور ہے :

چیزیکہ مجتہدین وعلماء سابقین استنباط فرمودہ باشند پس او رابدعت نتوان گفت انتہی۔

اس سے معلوم ہوا کہ ماسوا علمائے مجتہدین کے اگر علمائے سلف بھی کچھ استنباط کریں وہ بدعت نہیں ہوتا چنانچہ اسی قاعدہ کے موافق مولوی اسحٰق صاحب نے استنباط کیا ہے اور مسئلہ چہارم مسائل اربعین میں ''رسم چھوچھک'' کو لکھا ہے کہ اگر قیدادائے رسم جہالت کی نیت سے نہ ہو بلکہ اپنی اولاد کی خبر گیری اور نفع رسانی کی نیت سے ہو تو جائز ہے موافق حکم: وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰی حَقَّہٗ [۱] اور اس کے جواز پر یہ دلیل کافی ہے: وَافْعَلُوا الْخَیْرَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ۔ انتہی ملخصا [۲]

جب یہ فوائد معلوم ہو چکے اب معلوم کرنا چاہیے کہ اس قیام میں قاریان مولد درود وسلام پڑھا کرتے ہیں اور کچھ مدح بھی عرب اپنی زبان میں اور عجمی اور ہندی اپنی زبان میں اور حاضرین جن کا دل حاضر ہے وہ بھی اس وقت درود پڑھتے ہیں اور ظاہر ہے کہ حضرت کا ذکر اور درود وسلام ذکر اللہ میں داخل ہیں۔

کتاب الشفاء میں ابن عطا سے درباب معنی آیہ کریمہ وَ رَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ [۳] کے روایت ہے کہ جعلتک ذکرا من ذکری فمن ذکرک ذکرنی . [۴] یعنی اے محمد ﷺ! میں نے تجھ کو اپنا ذکر کیا، جس نے تجھ کو یاد کیا اس

---

[۱] اور رشتہ داروں کو ان کا حق دے۔ (پارہ ۱۵، بنی اسرائیل: ۲۶)

[۲] اور بھلے کام کرو اس امید پر کہ تمہیں چھٹکارا ہو۔ (پارہ ۱۷، الحج: ۷۷)

[۳] اور ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کر دیا۔ (پارہ ۳۰، الشرح: ۴)

[۴] الشفاء باب اول، فصل اول، صفحہ ۱۲ مطبوعہ فاروقی کتب خانہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

نے مجھ کو یاد کیا۔

اس سے معلوم ہوا کہ جس نے رسول خدا کو بطور مدح وثنا کے یا بصیغہ درود وسلام یاد کیا اور ذکر کیا اس نے خدا کا ذکر کیا اور ذکر اللہ ہر طرح جائز ہے، خواہ کھڑے ہو کر کریں خواہ بیٹھ کر۔

کما قال: فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَ قُعُودًا. [۱] اس آیت سے صاف ثابت ہے کہ ہم کو اللہ کی طرف سے کھڑے ہو کر ذکر کرنے کا اختیار ہے اس لیے یہ ہمارا کھڑے ہو کر درود وسلام پڑھنا کہ بحسب توفیق کتاب الشفاء ذکر اللہ میں داخل ہے اور آیت قرآنی بعمومھا اس کو شامل ہے۔ کسی طرح بدعت نہیں ہو سکتا۔

بدعت وہ ہے جس کے لیے کچھ بھی سند نہ ہو صریحاً نہ اشارۃً۔ اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ آنحضرت ﷺ نے خاص اسی نئی بات کو منع فرمایا جس کو دین سے مخالفت ہو ہر نئی بات کو منع نہیں فرمایا۔ بخاری اور مسلم کی حدیث میں دیکھو، آپ ﷺ فرماتے ہیں :

مَنْ اَحْدَثَ فِيْ اَمْرِنَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ". [۲]

یعنی جس نے دین میں وہ بات پیدا کی جو دین کی قسم سے نہیں بلکہ اس کی ضد اور مخالف ہے وہ مردود ہے۔

اور اگر ہر نئی بات ناپسند ہوتی تو آپ فرماتے: من احدث فی امرنا شیئا فھو رد. اور ہرگز ''مَالَیسَ مِنہُ'' کی قید نہ بڑھاتے چنانچہ مظاہر حق ترجمہ مشکوۃ جس کو نواب قطب الدین خان صاحب دہلوی نے تالیف کیا ہے اور مولوی اسحٰق صاحب نے اس کو حرفاً حرفاً ملاحظہ فرمالیا ہے۔ اس کے صفحہ ۷۵ مطبوعہ میرٹھ میں لکھا ہے کہ ما لیس منه میں اس کی طرف اشارہ ہے کہ اس چیز کا نکالنا کہ مخالف کتاب و سنت کے نہ ہو برا نہیں۔ انتہی

[۱] ذکر کرو اللہ کا، کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے۔ (پارہ ۵، النساء: ۱۰۳)

[۲] بخاری: ۲۴۹۹، مسلم: ۳۲۴۲، سنن ابی داود: ۳۹۹۰

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

لیکن جاننا چاہیے کہ وہ محدثات مخالف کتاب وسنت کئی قسم ہیں بعضی فعلی ہیں اور بعضی قولی اور بعضے اعتقادی اس واسطے آپ نے دوسری حدیث میں ایسا ارشاد کیا کہ "كُلُّ مُحدَثٍ بِدْعَةٌ" وَ "كُلُ بِدْعَةٍ" "ضَلالَةٌ".[۱]

یعنی وہ احداث جو مردود اور مالیس منہ اور خالف دین ہے وہ سب بدعت ہے خواہ فعلی ہو خواہ قولی خواہ اعتقادی ہو اسی قسم کی کل بدعتیں گمراہی ہیں بعض ناواقف یوں کہتے ہیں کہ ہرنئی بات خواہ موافق دین کے خواہ مخالف دین کے ہو وہ سب منع ہے۔ حاشا وکلا یہ بات نہیں جو احداث (نئی باتیں) امر جدید مخالف دین کے نہ ہو وہ ہرگز منع نہیں بلکہ اس پر وعدہ اجر اور ثواب کا آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے :

مَنْ سَنَّ فِي الإِسْلامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كُتِبَ لَه مِثْلُ أَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا وَ لاَ يَنْقَصُ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيءٌ . رواہ مسلم . [۲]

مجمع البحار کی جلد دوسری صفحہ ۱۴۷ اور شرح مسلم کی جلد ثانی صفحہ ۳۴۱ میں اس حدیث شریف کے معنی یہ لکھے ہیں کہ جس نے کوئی طریقہ پسندیدہ جاری کیا پھر اس کے بعد اس پر عمل کیا گیا تو ان سب عمل کرنے والوں کے برابر اس کو ثواب لکھا جائے گا اور ان کے ثواب میں سے کچھ کاٹا نہ جائے گا یعنی ان کو بھی ثواب پورا ملے گا اور وہ طریقہ جو اس نے جاری کیا ہے وہ خواہ اسی کا نیا ایجاد کیا ہوا ہو خواہ ایجاد پہلا ہو اور اس کی طرف سے اجرا ہوا اور وہ طریقہ خواہ علم ہو خواہ عبادت خواہ کوئی ادب ہو۔

---

[۱] سنن ابن ماجہ: ۱۴، مسند احمد: ۲۴۸۴۰

[۲] صحیح مسلم: حدیث: ۴۸۳۰، سنن ابن ماجہ: حدیث: ۲۰۳، مسند احمد: حدیث: ۱۸۳۸۷، مصنف ابن ابی شیبہ: حدیث: ۱۸۳۸۷، مصنف عبدالرزاق: حدیث: ۲۱۰۲۵، معجم کبیر طبرانی: حدیث: ۲۳۸۴، سنن دارمی: حدیث: ۵۲۱

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اور شرح مسلم کی عبارت یہ ہے :

كَانَ ذٰلِكَ تَعْلِيْمَ عِلْمٍ اَوْ عِبَادَةٍ، اَوْ اَدَبٌ . انتهى[۱]

ان بزرگوں کی تحقیق سے صاف معلوم ہو گیا کہ اگر کوئی شخص نئی بات قسم آداب سے نکالے گا اور جاری کرے گا اس کو ثواب ملے گا۔ اب سمجھنا چاہیے کہ امت کو رسول ﷺ کی تعظیم کرنی قرآن شریف سے ثابت ہے چنانچہ فائدہ سابقہ میں گزر چکا اور خدا کا حکم ہے کہ جس طرح ہو سکے تعظیم رسول کیجیے اور فقہاء زیارت مدینہ میں لکھتے ہیں :

وَ كُلُّ مَا كَانَ اَدْخَلَ فِيْ الْاَدَبِ وَالْاِجْلَالِ كَانَ حَسَنًا . كذا في فتح القدير [۲]

یعنی جن حرکات وسکنات میں رسول کا ادب اور بزرگی نکلے وہ سب اچھی اور حسن ہیں۔ انتہی

اس سے معلوم ہوا کہ تعظیم اور آداب رسول شرعاً مطلوب ہے پس یہ قیام اگر چہ بظاہر امر محدث اور جدید ہے لیکن اس میں وہ بات جو شرعاً مطلوب ہے یعنی تعظیم رسول ادا ہوتی ہے۔

اب اس کی بھی وہی مثال ہوئی جس طرح محدثین اور فقہا لکھتے ہیں کہ اذان کے واسطے مینارہ اگر چہ حضرت کے وقت میں نہ تھا لیکن اس میں وہ بات نکلتی ہے جو حضرت کو مطلوب تھی یعنی مسلمانوں کو خبر ہو جانا کہ نماز کا وقت آ گیا ہے، سو مینارہ پر چڑھ کے اذان کہنے میں یہ مقصود حاصل ہوتا ہے اس لیے یہ مینارہ جائز ہے اور اس کے امر جدید ہونے سے کچھ قباحت نہیں۔ اسی طرح یہ قیام گو امر جدید ہو لیکن اس میں تعظیم رسول نکلتی ہے جو شرعاً مطلوب ہے، اس واسطے اس کو مطلق بدعت کہنا یعنی

---

[۱] شرح مسلم للنووی، جلد۹ص ۳۳، زیر حدیث ۴۸۳۰

[۲] فتح القدیر، جلد ۶ ص ۲۴۷

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

سیئہ اور ضلالت قرار دینا سراسر باطل ہے اور یہ جو بعض صاحب اس قیام کو شرک کہتے ہیں، یہ بھی کسی طرح صحیح نہیں اس لیے کہ شرک کے معنی علم عقائد میں یہ قرار دیے گئے ہیں :

اَلْاِشْرَاکُ هُوَ اِثْبَاتُ الشَّرِيْکِ فِی الْاُلُوْهِيَّةِ بِمَعْنٰى وُجُوْبِ الْوُجُوْدِ كَمَا لِلْمَجُوْسِ اَوْ بِمَعْنٰى اِسْتِحْقَاقِ الْعِبَادَةِ كَمَا لِعَبَدِهِ الْاَصْنَامُ. كذا فی شرح العقائد للنسفی [۱]

اور حالت قیام میں نہ حضرت کو کوئی واجب الوجود سمجھتا ہے نہ مستحق معبودیت جانتا ہے اور خود قیام میں فی نفسہ عبادت کے معنی موجود نہیں اس لیے کہ خالی کھڑا ہو جانا یعنی بغیر کسی اور شے کے ملنے (کو) شریعت میں عبادت قرار نہیں دیا گیا البتہ اگر کھڑا ہونے والا ارادہ تعظیم سے کھڑا ہوا اس وقت ایک قسم کی تعظیم نکلتی ہے سو وہ بھی ایسی تعظیم کہ مخصوص بذات باری تعالی نہیں۔

ابراہیم حلبی نے شرح کبیر منیہ میں درباب تحقیق قیام نماز فرض ہونے کے لکھا ہے :

ان القيام وسيلة الى السجود والخرور والسجود اصل بدليل ان السجود شرعا عبادة بدون القيام كما فی سجده التلاوة والقيام لم يشرع عبادة وحده و ذلک لان السجود غاية الخضوع حتى لو سجد لغير الله يكفر بخلاف

WWW.NAFSEISLAM.COM

---

[۱] شرک یہ ہے کہ کسی کو الوہیت میں شریک کیا جائے اس معنی میں کہ اس کا وجود واجب ہے جیسا مجوس کرتے ہیں یا ان معنوں میں کہ کسی کو مستحق عبادت مانا جائے، جیسا کہ بت پرست کرتے ہیں۔شرح العقائد النسفیہ، ص ۲۰۱، مکتبۃ المدینہ، کراچی، پاکستان

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

القیام. [۱]

اس سے صاف ثابت ہوگیا کہ قیام للغیر ہرگز ہرگز شرک نہیں اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ اگر قیام شرک ہوتا تو ہرگز علمائے دین روضۂ رسول ﷺ کی زیارت میں ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا جائز نہ رکھتے۔ حالانکہ حضرت محدث دہلوی نے جذب القلوب میں اور ملا علی قاری نے دُرَّۃُ المضیہ میں لکھا ہے:

و قد ذکر الکرمانی انه یضع یمینه علی شماله کالصلوة [۲].

اور اسی پر آج تک عمل ہے اس کے خلاف پر عمل نہیں۔ اور فتاوی عالمگیریہ میں ہے:

و یقف کما یقف فی الصلوة. [۳]

ان تحقیقات سلف سے خوب روشن ہوگیا کہ قول مؤلف در باب قیام مولد صحیح ہے۔

شرک اس میں خدا کے ساتھ نہیں
اور نہ بدعت کا یاں پتا ہے کہیں

[۱] بے شک قیام سجدہ کی طرف وسیلہ ہے جبکہ سجدہ اور رکوع کی اصل دلیل سے ثابت ہے۔ بے شک سجدہ قیام کے بغیر بھی عبادت ہے جیسا کہ سجدہ ء تلاوت۔ اور فی نفسہ صرف قیام شرعاً عبادت نہیں ہے کیونکہ سجدہ عاجزی کی انتہا ہے یہاں تک کہ اگر کسی نے غیر اللہ کو سجدہ (سجدہ ء عبادت) کیا تو اس کی تکفیر کی جائے گی بخلاف قیام کے۔

[۲] تحقیق کرمانی نے ذکر کیا کہ اپنا داہنا ہاتھ بائیں پر رکھے جس طرح نماز میں رکھتے ہیں۔۱۲

[۳] اور کھڑا ہو جس طرح نماز میں کھڑا ہوتا ہے۔۱۲ (فتاوی ہندیہ، جلد ۶، ص ۳۰۹)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اب باقی رہی یہ بات کہ بعض آدمی کہا کرتے ہیں کہ صاحب تم محفل مولد شریف میں کھڑے ہوتے ہو (لیکن) ہر جگہ حضرت کا نام آئے (تو) کیوں کھڑے نہیں ہوتے ؟۔

اس کا جواب یہ ہے کہ ہمارا قیام اختیار کرنا خاص اس موقع میں اس مناسبت سے ہے کہ ولادت کے معنی یہ ہیں کہ آپ اس عالم میں تشریف لائے اور تشریف آوری کی تعظیم کو شرعاً قیام سے مناسبت ہے اور ہر دفعہ کے نام لینے میں یہ مناسبت نہیں۔

دوسرا یہ کہ آپ ﷺ کا پیدا ہونا رحمت عام ہے وَ مَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ـ[۱] اور رحمت پر فرحت و سُرور کرنا ثابت ہے۔ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰہِ وَ بِرَحْمَتِہٖ فَبِذٰلِکَ فَلْیَفْرَحُوْا [۲]

پس یہ ذکر بشارت رسان یعنی ولادت شریف کا بیان سُن کر اظہار فرحت وسُرور کے لیے قیام کرنا اور بات ہے اور خواہی نخواہی جا بجا کھڑا ہونا اور بات۔ اور یہی وجہ ہے کہ جس وقت کوئی شخص روایت میلا دکو بطور کتب تواریخ مطالعہ کرے یا دوسرے کو تعلیم کرے یا بطریق اخبار خوانی پڑھ کر سنائے یا درمیان کسی اور ذکر کے اتفاقاً اور تبعاً بیان کرے ان صورتوں میں قیام کا دستور نہیں اس لیے کہ یہاں مذکر اور سامع کا قصد صرف اطلاع حال ہے نہ اظہار سُرور اور جلسہ میلا دشریف موضوع ہے اس لیے کہ اس میں فرحت وسُرور ہوا کرے اور منت الٰہی کا شکر کیا جائے جو قرآن شریف میں فرمایا ہے۔ **کما تقدم من قول ابی شامه.**

پس جس وقت اس جلسہء فرحت وسُرور میں آپ کی پیدائش اور ظہور کا ذکر ہوتا ہے اس وقت اظہار فرحت وسُرور کیا جاتا ہے بخلاف اور مجالس کے کہ ان میں یہ علت موجود نہیں۔

اگر کوئی یہ کہے کہ دونوں جلسوں میں ذکر ایک ہے پھر نیت سُرور فرحت سے

[۱] اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لئے۔ (پارہ ۱۷، الانبیاء: ۱۰۷)

[۲] تم فرماؤ اللہ ہی کے فضل اور اسی کی رحمت اور اسی پر چاہیے کہ خوشی کریں۔ (پارہ ۱۱، یونس: ۵۸)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

جلسہ منعقد کرنے اور نہ کرنے سے کیوں حکم بدل جاتا ہے؟

ہم کہتے ہیں کہ نیت بدلنے سے حکم بدل جانا مسئلہ شرعی ہے۔ قال علیہ السلام

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ. [۱]

اور اسی حدیث کے سبب فقہا لکھتے ہیں کہ اگر کوئی حاجت غسل میں الحمد (یعنی سورہ فاتحہ) دعا و ثنا کی نیت سے پڑھے، جائز ہے اور اگر قرات قرآن کی نیت سے پڑھے، ممنوع ہے۔ حالانکہ ذکر وہی ایک ہے چنانچہ شامی اور حلبی اور دُرمختار وغیرہ میں یہ مسئلہ موجود ہے پس اس ذکر میں بھی اگر اختلاف نیت سے حکم بدل جائے (تو) کیا اشکال ہے!!!

تیسرا یہ کہ اہل ایمان میں آپ ﷺ کا نام اور ذکر روز و شب رہتا ہے پھر اگر ہر بار آدمی قیام کرے تو دم بدم اٹھنے بیٹھنے میں رہے گا اس میں حرج ہے اور حرج معاف ہے۔ مَا جَعَلَ اللّٰہُ فِی دِیْنِکُمْ مِنْ حَرَجٍ[۲]

فقہائے شرع متین مسئلہ درود میں حکم دیتے ہیں کہ اگر مجلس میں چند بار حضرت کا نام مبارک آئے تو صحیح یہ ہے کہ ایک ہی مرتبہ درود پڑھنا واجب ہوگا باقی ہر بار اگر درود پڑھے، بہتر ہے؛ ورنہ واجب نہیں۔ اس لیے کہ آپ کے نام کی بار بار یادگاری اُمّت پر محافظت سُنن اور احکام شریعت کے واسطے واجب ہے، ہر مرتبہ درود پڑھنا اس میں بڑا حرج ہے یہ ترجمہ ہے عبارت شرح کبیر ابراہیم حلبی کا جو صفحہ ۳۸۱ مطبوعہ دہلی میں موجود ہے۔

پس یہ قاعدہ فقہا کا بھی اس بات کو مقتضی ہے کہ بار بار کا حرج معاف کیا جائے اور محفل مولد شریف بہت قلیل ہوتی ہے ایک آدمی سال بھر میں شاید ایک دو بار محفل

---

[۱] بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ (بخاری: رقم الحدیث: ۱)

[۲] اور اللہ عزوجل نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی۔ قرآن پاک میں ہے: و ما جعل علیکم فی الدین من حرج (پارہ ۱۷، الحج: ۷۸)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کرتا ہوگا اور نام مبارک کا ذکر سال بھر میں لاکھوں بار کرتا ہے پس بار بار کا قیام البتہ موجب حرج ہے۔

اور بعض معترض یہ بھی کہتے ہیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود حالت حیات میں قیام کو منع کیا ہے اب بعد وفات کس طرح جائز ہو؟۔

یہ بھی بڑا مغالطہ ہے بھلا حضرت کس طرح منع فرماتے اس کام کو جو خود آپ ﷺ سے روایت ہے یعنی آپ ﷺ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے واسطے قیام کیا کرتے تھے چنانچہ مشکوۃ مطبوعہ احمدی کے صفحہ ۳۹۴ میں موجود ہے اور نیز آپ ﷺ نے حلیمہ سعدیہ کے واسطے ایام حنین میں قیام کیا چنانچہ شرح مواہب زرقانی مطبوعہ مصر کی جلد اول صفحہ ۱۷۰ میں موجود ہے اور نیز آپ نے اپنے رضاعی باپ کے واسطے قیام کیا چنانچہ انسان العیون مشہور بسیرت حلبی مطبوعہ مصر کی جلد اول صفحہ ۱۲۱ میں موجود ہے اور نیز صحابۂ کرام آپ کی تعظیم کے واسطے قیام کرتے تھے فَاِذَا قَامَ قُمْنَا قِيَامًا ۔ مشکوۃ کے صفحہ ۳۹۵ میں ہے۔ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی آپ ﷺ کے واسطے قیام کرتی تھیں چنانچہ مشکوۃ کے صفحہ ۳۹۴ میں ہے اور نیز صحابہ کو آپ ﷺ نے حکم فرمایا کہ کھڑے ہو جاؤ اپنے سردار سعد کے واسطے۔ چنانچہ مشکوۃ کے صفحہ ۳۹۵ میں موجود ہے۔

بھلا اس قدر روایتوں کے موجود ہونے کے باوجود کس طرح یقین ہو سکتا ہے کہ آپ ﷺ نے منع کیا ہوگا۔ ہاں البتہ آپ ﷺ نے اس قیام کو منع فرمایا ہے جو عجمی لوگ اپنے بادشاہوں کی تعظیم میں تصویر کی طرح بے حس وحرکت کھڑے رہتے تھے اور ان کے بادشاہ بکمال نخوت وتکبر بیٹھے رہتے تھے۔

چنانچہ شاہ ولی اللہ کی حجۃ اللہ البالغہ مطبوعہ بریلی کے صفحہ ۳۸۰ میں مضمون مرقوم ہے اور شاہ صاحب موصوف نے قیام تعظیمی کو از روے احادیث مسلّم رکھا ہے [۱] پس یہ مغالطہ ان لوگوں کا سخت بے جا ہے اور نیز اسامہ بن شریک سے بسند قوی

[۱] تفصیل کے لئے حجۃ اللہ البالغہ، باب آداب محبت کا بیان، ص ۶۱۵، مکتبہ رحمانیہ، لاہور

WWW.NAFSEISLAM.COM
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے واسطے کھڑے ہوئے اور ہم نے آپ کے ہاتھ کو بوسہ دیا۔

چنانچہ قسطلانی شرح بخاری جلد تاسع صفحہ ۱۴۵ مطبوعہ مصر میں ہے اور واضح ہو کہ بعض علما اثبات قیام میں یوں تقریر کرتے ہیں اور وقت ولادت شریف کے ملائکہ کھڑے ہوئے تھے چنانچہ شرف الانام تصنیف علامہ شیخ قاسم بخاری میں یہ روایت موجود ہے؛ اس لیے جب ہم یہ ذکر کرتے ہیں تو ان ملائکہ کے قیام کی شکل پیدا کرتے ہیں کیونکہ اہل حدیث (یعنی محدثین کرام۔ وہابی نجدی فرقہ مراد نہیں) کے نزدیک واقعہ مرویہ کا شکل اور صورت بنا دینا مستحب ہے۔

چنانچہ صحیح بخاری کے صفحہ ۳ میں روایت ہے کہ وہ جو وقت نزول وحی کے رسول اللہ ﷺ جبرئیل کے ساتھ ساتھ دل میں قرآن پڑھنے لگتے تھے اور لبوں کو ہلاتے تھے، ابن عباس جس وقت یہ روایت کرتے اپنے لبوں کو ہلاتے تھے جس طرح رسول خدا ﷺ ہلاتے تھے۔ اور سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے جس طرح ابن عباس کو اس روایت میں لب ہلاتے دیکھا تھا جب یہ حال روایت کرتے وہ بھی یعنی سعید اپنے لبوں کو ہلاتے تھے پس جبکہ صحابہ اور تابعین سے بشکل اور تمثیل واقعہ مرویہ کی ثابت ہوئی تو ہم بھی واقعہ میلاد میں قیام ملائکہ کی شکل بنا دیتے ہیں۔

اور بعض اہل کشف قیام کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ اس محفل میں نبی ﷺ کی روح حاضر ہوتی ہے اور ہم اس کی تعظیم دیتے ہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ ہم یہ دعوی زبان پر نہیں لا سکتے اس لیے کہ ہم ارباب کشف وشہود میں نہیں جو مشاہدہ کر کے بیان کریں ہاں البتہ اس قدر کہہ سکتے ہیں کہ شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے رسالہ 'انباہ الاذکیا فی حیات الانبیاء' مطبوعہ مطبع جمالی کے صفحہ ۷ میں یہ لکھا ہے کہ اعمال امت میں نظر کرنا اور امت کی برائیوں کے واسطے استغفار کرنا اور بلیات دور ہونے کی دعا کرنا اور اطراف زمین میں آمد و رفت کرنا

https://ataunnabi.blogspot.com/

برکت کے ساتھ اور جو کوئی نیک بندہ امتی مرجائے اس کے جنازے پر آنا یہ حضرت کے عالم برزخ میں من جملہ اور اشغال کے بعض شغل ہیں چنانچہ اس میں حدیثیں اور آثار وارد ہوئے ہیں انتہی۔[۱]

اور اسی رسالہ کے صفحہ۳ میں ہے کہ ہمارے نبی ﷺ زندہ ہیں اور امت کی عبادات سے خوش ہوتے ہیں اور نافرمانیوں سے غمگین ہوتے ہیں۔[۲]

اور اسی صفحہ میں ہے کہ انبیا کا مرجانا صرف اتنا ہے کہ وہ ہماری نظر سے چھپ گئے اور وہ واقع میں زندہ موجود ہیں، فرشتوں کی مثل کے کہ وہ موجود ہیں اور نظر نہیں آتے مگر جس ولی اللہ کو بطور کرامت خداوند کریم دکھلا دے وہ دیکھ لیتے ہیں۔ انتہی کلامہ۔[۳]

اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی اہل کشف حضرت کی روح مبارک کو اس مجمع میں دیکھ لے کچھ عجب نہیں؛ لیکن بعض وہ آدمی جو لیاقت مشاہدہ کی نہیں رکھتے وہ بھی ان اہل کشف کی پیروی اور اتباع میں اپنا عقیدہ ایسا ہی رکھتے ہیں سو یہ عقیدہ بھی جس کسی کا ہے اس کا نام 'شرک' نہیں رکھ سکتے؛ اس واسطے کہ شرک کے معنی اوپر بیان ہو چکے وہ اس پر مطابق نہیں ہو سکتے اور نیز جب ان کا یہ اعتقاد ہوا کہ روح مبارک ایک جلسہ خاص میں حاضر ہوتی ہے اور خدا تعالی ہر وقت حاضر ہے دائماً۔ خواہ ہم اس کو یاد کریں یا نہیں، اس کا ذکر کریں یا نہیں، اس کی ثنا و صفت کریں یا نہیں؛ تو خدا تعالی کے حاضر ناظر ہونے اور روح مبارک کے حاضر ہونے میں بڑا فرق ہوا اور ایک صفت میں عبد اور معبود کو برابر نہیں کیا پھر یہ اعتقاد کس طرح شرک ہوا۔

اور اگر یہ کہیں کہ حضرت کی روح کو غیب کی خبر اتنی دور سے کس طرح ہوتی ہے کہ فلانے مقام پر محفل ہے، وہاں چلیے؟۔

جواب یہ ہے کہ مولوی اسمٰعیل صاحب صراط مستقیم مطبوعہ میرٹھ کے صفحہ ۱۷۷

[۱] انباہ الاذکیا فی حیات الانبیاء للسیوطی، ص۲۱ مطبوعہ ادارہ اسلامیات، لاہور

[۲][۳] مرجع سابق، ص۱۳

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

میں لکھتے ہیں کہ روح مقدس حضرت غوث الثقلین اور خواجہ بہاء الدین کی سید احمد صاحب پر ظاہر ہوئی اور ایک پہر تک سید صاحب کو دونوں اماموں نے توجہ قوی دی۔ انتہی [۱]

دیکھو سید صاحب مقام دہلی میں تھے اور کس قدر رستہ دور دراز سے یعنی بخارا اور بغداد سے پاک روحیں آئیں اور توجہ قوی دی اور ان کو کس طرح غیب کی خبر ہوگئی کہ دہلی میں فلاں شخص سید احمد نام مرد صالح ہے۔ آؤ وہاں جا کر ان کو اپنے فیض سے مشرف کریں جب ان کو خبر ہوگئی حضرت ﷺ کو خبر ہونا تو بہت سہل ہے، اس لیے کہ اعمال امت آپ پر پیش کئے جاتے ہیں اور محفل مولد شریف بھی امت کا ایک عمل ہے اور ملائکہ آپ کو درود و سلام پہنچانے پر معین ہیں اور اس محفل میں درود بکثرت ہوتا ہے اور آپ کی صفاے باطن سب اولیا بلکہ سب انبیا سے افضل اور اعلی ہے اور آپ اپنا فیض پہنچانا اپنی امت کو بجان و دل چاہتے ہیں اگر آپ کو خبر محفل کی ہو جائے کسی واسطے سے وسائط مذکور سے اور آپ کی توجہ روحی اس طرف کو ملتفت ہو جائے اور آپ اپنے امتیوں کو برکات سے مستفیض فرمادیں (تو) کیا بعید ہے!!!

آخر روایت جلال الدین سیوطی اوپر گزر چکی اس میں ان باتوں کا ثبوت ہے اور بعض معترض کہتے ہیں کہ کبھی ایک وقت میں چند مکان پر مولد شریف ہوتا ہے تو آپ کی روح کس طرح سب جگہ حاضر ہوتی ہوگی؟۔

اس کا جواب یہ ہے کہ جسم عنصری ہیولاتی کا حاضر ہونا ایک آن میں چند مقام پر البتہ محال ہے لیکن نفس ناطقہ کا ابدان مثالیہ میں چند مکان پر ظاہر ہونا اور لطائف کا متجسد ہونا مسلم الثبوت ہے اگر چہ بہت علما اور اولیا اس مسئلہ کے قائل ہیں لیکن اس

[۱] صراط مستقیم، ص ۲۲۳، مطبوعہ ادارہ نشریات اسلام، لاہور، صراط مستقیم، ص ۳۱۸ مطبوعہ اسلامی اکادمی، اردو بازار، لاہور

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

مقام پر نقل کیا جاتا ہے اس عارف ربانی کا کلام جو مولوی محمد اسمٰعیل کے پیران پیر ہیں یعنی حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی جو ساتویں طبقہ [۱] میں ان کے پیر طریقت ہیں وہ اپنے مکتوبات مطبوعہ دہلی جلد ثانی صفحہ ۱۱۵ میں بیان فرماتے ہیں :

ھر گاہ جنبان را بتقدیر اللہ سبحانہ ایں قدرت بود کہ متشکل اشکال گشتہ اعمال غریبہ بوقوع آرند ا روح کمل را اگر ایں قدرت عطا فرمایند چہ محل تعجب است وچہ احتیاج ببدن دیگر ازیں قبیلہ است انچہ بعضے از اولیا اللہ نقل میکنند کہ در یك آن در امکنہ متعددہ حاضر میگردند و افعال متبائنہ بوقوع می آرند ایں جا نیز لطائف ایشاں متجسد باجساد مختلفہ و متشکل باشکال متبائنہ میشوند۔

اور اس عبارت سے آٹھ سطر بعد لکھتے ہیں :

و ایں تشکل گاہ در عالم شہادت بود گاہ در عالم مثال چنانچہ در یك شب ھزار کس آن سرورا علیہ الصلوات والسلام بصور مختلفہ در خواب می بینند و استفادھا می نمایند ایں ھمہ تشکل صفات ولطائف اوست علیہ و علی الہ الصلوات والسلام بصورتھاے مثالی و ھم چنیں مریدان از صور مثالی پیران استفاد ھامی نمایند و حل مشکلات مینفرمایند۔

دیکھو حضرت مجدد کے کلام سے کچھ بھی اشکال اور تشکیک اعتقاد توجہ روحی

[۱] اور شجرہ ان کا یہ ہے کہ مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی مرید ہیں سید احمد صاحب سے اور وہ شاہ عبدالعزیز صاحب سے اور وہ شاہ ولی اللہ صاحب سے اور وہ سید عبداللہ سے اور وہ سید آدم بنوری سے اور وہ شیخ ربانی احمد مجدد الف ثانی سے۔ الی آخرہ۔ ۱۲

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

حضرت ﷺ میں باقی نہیں رہتا اور حضرت مجدد کی شان عالی میں اس عقیدہ کے مسلّم رکھنے کے باعث کوئی بے ادب شرک وغیرہ کے لفظ گستاخانہ نہیں بک سکتا، معلوم نہیں اگر کوئی آدمی اس طرح کا عقیدہ رکھے ان کو کس لیے مشرک اور جہنمی کہا جاتا ہے اور ان سے سلام اور مصافحہ ترک کیا جاتا ہے اور اس مقام پر ایک اور فائدہ یاد آیا، وہ یہ ہے کہ بعض صاحبوں نے حضرت مجدد کے مکتوب نمبر ۲۷۳ جلد اول سے بطور مغالطہ دہی یہ مضمون ثابت کیا ہے کہ وہ حضرت مانع محفل میلاد ہیں۔ نعوذ باللّٰہ منھا

یہ کیسا اتہام ہے کہ انہوں نے مولد شریف کرنے والوں کو نہ مشرک لکھا ہے نہ مبتدع بلکہ ایک طرز خاص پر انکار فرمایا ہے کہ محفل مولود میں سماع کا ڈھنگ نہ ہونے پائے اسی واسطے مکتوب میں لکھتے ہیں :

مبالغۂ فقیر در منع بواسطہ مخالفت طریقت خود است۔

انتھی

معلوم ہوتا ہے کہ شاید کسی نے قرب وجوار میں یہ محفل مثل محفل سماع منعقد کی ہوگی اس پر وہ انکار فرماتے ہیں ورنہ مطلق محفل کو جو خوش آوازی سے قصائد پڑھے جائیں اور غرض صحیح یعنی محبت رسول یا شکر حصول نعت یا کشف بلیات وغیرہ کے لیے محفل منعقد کی جائے، اس کا انکار ان کے کلام میں نہیں نکلتا۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ اسی مکتوبات کے مکتوب ۲۷ جلد سوم میں جو خواجہ حسام الدین احمد رحمۃ اللہ علیہ کو در جواب استفسار مسئلہ مولود شریف لکھتے ہیں: مرقوم ہے

دیگر درباب مولود خوانی اندراج یافته بود در نفس قرآن خواندن بصوت حسن و در قصائد نعت و منقبت خواندن چه مضائقه است ممنوع تحریف و تغیر حروف قرآن ست و التزام

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

رعایت مقامات نغمه و تردید صوت بان بطریق الحان با
تصفیق مناسب آن که در شعرنیز غیر مباح است اگر به نهجی
خوانند که تحریفی در کلمات قرآنی واقع نشود و در قصائد
خواندن شرائط مذکور متحقق نگردو و آنراهم بغرض صحیح
تجویز نماید چه مانع است۔ الی آخره

جوشخص ان دونوں مکتوبوں کو جو جلد اول اور جلد سوم میں مندرج ہیں حرفاً حرفاً بنظر غور دیکھے گا اور نیز دوسرے مکاتیب ان کے مذمت سماع میں دیکھے گا اس پر مخفی نہ رہے گا کہ حضرت مجدد کو محفل سماع سے سخت نفرت ہے اس میں بھی یہی اندیشہ کرتے ہیں کہ اگر ہم تھوڑا بھی سہارا دیں گے تو یہ بوالہوس لوگ یعنی ناچ راگ باجے کے مشتاق رفتہ رفتہ تمام لوازم محفل سماع ممنوع کی مثلاً تالی بجانا اور نغمات کا رعایت کرنا اور رقص و سرود وغیرہ اس میں داخل کردیں گے، فرماتے ہیں: قَلِيلُهٗ لِيُفْضِيَ اِلٰى كَثِيْرِهٖ . یعنی تھوڑی رخصت بہت دور نوبت پہنچادیتی ہے؛ ورنہ بغیر ان امور کے ہرگز یہ محفل شرعاً ممنوع نہیں۔ چنانچہ ابھی اس عبارت منقولہ بالا میں گزر چکا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر بغیر تحریف اور رعایت مقامات نغمہ بغیر تالی بجانے اور ٹکنگری لگانے کے پڑھیں اس میں کیا ممانعت ہے۔

اور بعضے قیام کرنے والے جن کو اور دلائل پر غور نہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم قاری مولد کا اتباع کرتے ہیں جس وقت تک وہ بیٹھا ہوا پڑھتا ہے ہم بیٹھے رہتے ہیں جب وہ کھڑا ہوکر پڑھنے لگتا ہے ہم بھی کھڑے ہوجاتے ہیں اس وقت ہم اپنا بیٹھا رہنا مکروہ جانتے ہیں۔ اور اصحاب (ساتھیوں) کی مخالفت کرنا منافی آداب صحبت ہے۔

مؤلف کہتا ہے اس کی بھی کچھ اصل حدیث شریف اور نیز کلام سلف سے نکلتی ہے۔ حدیث یہ ہے کہ صحابہ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ مسجد میں ہم سے حدیث (بیان) کیا کرتے اور جب آپ کھڑے ہوتے ہم بھی کھڑے ہوجایا کرتے اور کھڑے رہتے یہاں تک کہ ہم دیکھتے آپ گھر میں داخل ہوگئے جیسا کہ مشکوۃ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

مطبوعہ احمدی کے صفحہ ۳۹۵ میں ہے اور کلام سلف سے یہ سند ہے کہ حضرت حجۃ الاسلام امام غزالی احیاء العلوم کی جلد ثانی کتاب آداب سماع میں لکھتے ہیں :

الادب الخامس موافقة القوم فی القیام اذا قام واحد منهم فی وجد صادق من غیر ریاء و تکلف اوقام باختیار من غیر اظهار وجد و قامت له الجماعة فلا بد من الموافقة فذلک من اداب الصحبة . [۱]

خلاصہ یہ کہ قیام کرنے والوں کی نیت اور وجوہ و دلائل میں البتہ اختلاف ہے لیکن قیام فی نفسہ بلاشبہ بڑے بڑے علمائے اہل سنت کے نزدیک بالاتفاق والاجماع جائز ہے اور ایک دو عالم غیر مشہور کی مخالفت جو اس وقت میں پائی گئی وہ معتبر نہیں۔ امام برزنجی نے اپنے مولد شریف میں لکھا ہے کہ قیام کو بڑے بڑے صاحب روایت و ہوش جو اپنے وقت کے امام گنے جاتے تھے انہوں نے مستحسن فرمایا ہے اور ان کی عبارت بلفظہٖ یہ ہے :

''وَ قَدْ اِسْتَحْسَنَ الْقِیَامَ عِنْدَ ذِکْرِ مَوْلِدِهِ الشَّرِیْفِ اَئِمَّةٌ''

[۱] پانچواں ادب قوم کی موافقت کرنا ہے قیام میں جب کوئی ان میں سے سچے وجد میں بے نمائش و تکلف یا بلاوجہ اپنے اختیار سے کھڑا ہو تو ضرور ہے کہ سب حاضرین اس کی موافقت کریں اور کھڑے ہو جائیں کہ یہ آداب صحبت سے ہے۔ [مصنف کی نقل کردہ عبارت کا ترجمہ تو مکمل ہو گیا مگر یہاں امام غزالی کی اس عبارت کا بقیہ حصہ نقل کرنا افادیت سے خالی نہ ہوگا۔ امام غزالی مزید لکھتے ہیں: ''اور لوگوں سے ان کی عادتوں کے موافق برتاؤ کرنا لازم ہے جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا اور خصوصاً جب ان عادتوں میں اچھا برتاؤ اور دلوں کی خوشنودی ہو اور کہنے والے کا یہ کہنا کہ ''یہ بدعت ہے، صحابہ سے ثابت نہیں'' تو یہ کب ہے کہ جس چیز کے جواز کا حکم دیا جائے وہ صحابہ سے منقول ہو، بُری تو وہ بدعت ہے جو کسی سنت مامور بہا کا کاٹ کرے اور ان باتوں سے ''نہی'' نہیں نہ آئی اور ایسے ہی سب مساعدتیں جب ان کے دل خوش کرنا مقصود ہو اور ایک جماعت نے اس پر اتفاق کر لیا ہو تو بہتر یہی ہے کہ ان کی موافقت کی جائے مگر ان باتوں میں جن سے ایسی صریح نہی وارد ہوئی کہ لائق تاویل بھی نہیں۔'' (احیاء العلوم، کتاب السمع والوجد، جلد ۲ ص ۳۰۵، مطبعۃ المشہد الحسینی قاہرہ) ۔ قادری۔]

https://archive.org/details/@zohaibhasana

https://ataunnabi.blogspot.com/

ذَوُوْ رِوَايَةٍ وَ رَوِيَّةٍ فَطُوْبٰى لِمَنْ كَانَ تَعْظِيْمُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَايَةَ مَرَامِهٖ وَ مَرْمَاهُ . [۱]

شرع کے مفتیان ماہر فن ۞ لکھتے ہیں یہ قیام مستحسن
دیکھو روح البیان کی تحریر ۞ سنو حلبی کی بعداز اں تقریر
عقد مفرد کی دیکھ لو تصحیح ۞ اور علامہ عرب کی تصریح
مفتیوں کی سنو سخن سنجی ۞ اور دیکھو کلام برزنجی
حسن پر اس کے عام فتویٰ ہے ۞ صورت اجماع کیسی پیدا ہے
دیکھو اب توبہ کر کے چپ رہنا ۞ بھول کر بھی نہ اس میں کچھ کہنا

کلام وزینت محفل

کہتے ہیں فرش مت بچھاؤ تم ۞ عطر و لوبان مت بساؤ تم
ہم یہ کہتے ہیں اے مسلمانو! ۞ ہے یہ زینت میں رمز پہچانو
ہم جو محفل کو یوں سجاتے ہیں ۞ فرش اور چاندنی بچھاتے ہیں
رکھتے ہیں عز و شان سے منبر ۞ عمدہ مسند لگاتے ہیں اس پر
کہیں لوبان ہے کہیں ہے 'اگر' ۞ عطر و خوشبو سے ہے مہکتا گھر
اس لیے ہے یہ زیب اور زینت ۞ ہووے ذکر رسول کی عظمت
دیکھ کر عز و جاہ محفل کا ۞ قفل کھلتا ہے قلب غافل کا
ہوتا اکثر ہے اے خجستہ خصال ۞ شان معنی پہ جاہ صورت دال
لکھنا قرآن کا مستحب ہے ضخیم ۞ تاضخامت سے دل میں ہو تعظیم

[۱] اور بے شک آپ کے مولد شریف کے ذکر کے وقت کھڑا ہونے کو اُن اماموں نے جو صاحب روایت و درایت ہیں، اچھا جانا ہے پس سعادت ہے اس شخص کو جس کی مراد و مقصد کی غایت نبی ﷺ کی تعظیم ہو۔ (مولد برزنجی، ص ۲۵ مطبوعہ جامعہ اسلامیہ، لاہور)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

و یکرہ تصغیر المصحف کذا فی العالمکیریة وغیرها و فی نصاب الاحتساب ان عمر رضی الله تعالی عنه رای مصحفا صغیرا فی ید رجل فقال من کتبه فقال انا فضربه بالدرة و قال عظموا القرآن و فی المعالم فی بیان کتابة بسم الله کان عمر بن عبدالعزیز یقول لکتابه طولو الباء و اظهرو السین و فرجوا بینهما و دور والمیم تعظیم الکتاب الله عزوجل . انتهی. [۱]

قلت فعلم منها و من الادلة الکثیرة غیرها ان عظمة الظاهر تدل علی عظمة الباطن [۲]

گر نہ محفل کو دیجئے زینت ✿ کہیے نکلے گی اس میں کیا عظمت
فرش منبر نہ شامیانہ ہو ✿ ایک پھٹا بوریا پرانا ہو
ہے ہمارا خدائے پاک جمیل ✿ ویحب الجمال [۳] ہے بے قیل
حق نے ہم پر مباح زینت کی ✿ اور مانع یہ زجر و شدت کی

WWW.NAFSEISLAM.COM

[۱] قرآن کو چھوٹا کرنا (لکھنا) مکروہ ہے جیسا کہ فتاوی عالمگیری وغیرہ میں ہے اور نصاب الاحتساب میں لکھا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کے ہاتھ میں چھوٹا قرآن دیکھا، فرمایا یہ کس نے لکھا ہے؟ وہ بولا میں نے۔ آپ نے اس کے درہ مارا اور فرمایا قرآن کو تعظیم کے واسطے بڑا کرو۔ اور تفسیر معالم التنزیل میں ہے درباب کتاب بسم اللہ کہ عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ اپنے کاتبوں کو فرماتے تھے: بائے موحدہ کو لمبی اور سین کھول کر لکھو اور فاصلہ دو سین اور با میں اور گول حلقہ بناؤ میم کا، کتاب اللہ کی تعظیم کے واسطے ہو۔ انتہی

[۲] میں کہتا ہوں کہ ان دلیلوں سے معلوم ہو گیا اور نیز ان کے سوا بہت دلیلوں سے کہ بے شک ظاہر کی عظمت دلالت کرتی ہے باطن کی عظمت پر۔ ۱۲

[۳] مسلم شریف میں ہے: اِنَّ اللّٰہ جَمِیلٌ " یُحِبُّ الْجَمَالَ ۔ (مسلم شریف، رقم الحدیث: ۱۳۱)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

قوله تعالى: قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ. كذا في الدر المختار .

یعنی کہہ ان سے میرے پیغمبر ✽ کس نے زینت حرام کی تم پر
دے جو زینت کی خود خدا رخصت ✽ کیوں نہ محفل کو دیں ہم زینت
خاص اس کے حبیب کی محفل ✽ رہے بے زیب کیسے مانے دل

فائدہ : بعض کہتے ہیں کہ ہم نے مانا کہ یہ محفل ذکر رسول کی مستحب ہے لیکن اس مستحب کے واسطے اس قدر زینت کرنی اور مجلس قرآن خوانی اور وعظ کے لیے کچھ زیبائش نہ کرنی اور شیرینی نہ بانٹنی، اس کی کیا وجہ ہے؟، کیا مستحب کو فرائض اور واجبات پر ترجیح ہے؟۔

اس کا جواب یہ ہے کہ فقط لوازم سرور بجالانے سے ترجیح لازم نہیں آتی۔ دیکھو عیدین کی نماز کہ بعض علما کے نزدیک واجب ہے اور بعض کے نزدیک سنت ہے اور پانچوں وقت کی نماز بالاتفاق والا جماع فرض قطعی ہے؛ لیکن نماز عید کے واسطے حکم دیا جاتا ہے کہ غسل کریں اور عمدہ لباس پہنیں، زیبائش کریں، خوشبو لگائیں، اظہار بشاشت وتہنیت کریں۔ راستہ میں تکبیر کہتے ہوئے جائیں ایک رستہ سے جائیں اور دوسرے راستہ سے واپس آئیں اور جمعیت کثیر کے ساتھ نماز پڑھیں، تنہا جائز نہیں اور پنجگانہ جو فرض قطعی الثبوت جس کا منکر کافر ہو بلکہ بعض علما کے نزدیک ایک وقت کا ترک کرنے والا بھی کافر ہو، اس کے لیے کچھ بھی اہتمام نہیں۔ اب اگر کوئی نادان

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

یوں کہنے لگے کہ واجب ظنی اور سنت کو فرض پر ترجیح دی اس کی نادانی ہے۔

اصل حکمت اور رمز اس میں یہ ہے کہ صلوۃ خمسہ محض عبادت ہے اور روز عید میں دو بات ہیں ایک ادائے عبادت اور دوسرا اظہار فرحت سُرور۔ وہ جو لوازم زوائد بالائی ہیں وہ فرحت روزِ عید کے لیے ہیں نہ محض واسطے نماز کے، اسی طرح محفل نماز یا قرآن خوانی عبادت محض ہے اور محفل مولد شریف میں دو امر ہیں ایک عبادت یعنی روایات و معجزات وغیرہ کا پڑھنا اور دوسرا اظہار فرحت و سُرور پس لوازم زینت اور تجمل اور کھانا کھلانا یا شیرینی بانٹنا خوشبو وغیرہ کا استعمال کرنا یہ سب اظہار فرحت و سُرور کے واسطے ہے نہ صرف معجزات یا قصہ پڑھنے کے واسطے اور اس میں فرحت و سُرور میں حضرت رب العالمین کا شکر ہے کہ ایسا رسول رحمۃ للعالمین ہمارے لیے بھیجا جس کو فرمایا ہے :

قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللّٰهِ نُوْرٌ . [۱]

اور فرمایا ہے :

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِنْ اَنْفُسِهِمْ. [۲]

پس ثابت ہوا کہ یہاں سامان تجمل اور زینت میں حکمت اور ہے کہ وہ مجلس قرآن خوانی اور وعظ وغیرہ میں نہیں۔

اور اگر کوئی کہے کہ حصولِ ایمان اور نزولِ قرآن اور نماز وغیرہ بھی تو نعمتیں ہیں ان کا سُرور کیوں نہیں کرتے؟۔ ہم کہتے ہیں کہ واقعی یہ سب نعمتیں ہیں لیکن یہ سب نعمتیں آپ ﷺ کے وسیلہ سے حاصل ہوئیں اور اگر آپ دار دنیا میں تشریف فرما نہ ہوتے تو ان میں سے کچھ بھی نہ ہوتا۔

---

[۱] تحقیق تمہاری طرف اللہ کی طرف سے نور آیا۔ پارہ ۷، المائدہ: ۱۵

[۲] تحقیق اللہ تعالی نے احسان کیا ہے اہل ایمان پر کہ ان میں ایک رسول انہیں میں کا بھیج دیا۔ پارہ ۴، ال عمران: ۱۶۴

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

احادیث میں وارد ہے کہ اگر حضرت پیدا نہ ہوتے تو نہ آسمان ہوتا نہ زمین اور نہ ثواب وعذاب قائم کیا جاتا اور نہ آدم علیہ السلام پیدا ہوتے۔[۱]

چنانچہ یہ روایتیں مواہب اللدنیہ اور اس کی شرح اور سیرت حلبی میں موجود ہیں پس حضرت ﷺ کے پیدا ہونے کا سُرور اور فرحت کرنا گویا سب چیزوں کا فرحت اور سُرور ہے۔

---

[۱] الآثار المرفوعة جلد۱، ص۴۴، الفوائد المجموعة، باب فضائل النبی، حدیث ۱۸، ص ۳۲۶، دار الکتب العلمیہ بیروت، الاسرار المرفوعہ فی اخبار الموضوعہ، حدیث ۷۵۵، ص ۱۹۴۔ دار الکتب العلمیہ بیروت۔ دیلمی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے راوی، حضور ﷺ فرماتے ہیں: اتانی جبریل فقال ان اللہ یقول لولاک لما خلقت الجنة و لولاک لما خلقت النار۔ میرے پاس جبریل نے حاضر ہو کر عرض کی، اللہ عزوجل فرماتا ہے: اگر تم نہ ہوتے میں جنت کو نہ بناتا، اور اگر تم نہ ہوتے تو میں دوزخ کو نہ بناتا۔ (کنز العمال بحوالہ دیلمی، موسسۃ الرسالۃ بیروت، جلد۱۱، ص۴۳۱)

اعلیٰ حضرت امام اہل سنت سے لولاک لما خلقت الدنیا کی بابت دریافت کیا گیا، آپ نے ارشاد فرمایا: ''یہ ضرور صحیح ہے کہ اللہ عزوجل نے تمام جہان حضور ﷺ کے لئے بنایا اگر حضور نہ ہوتے کچھ نہ ہوتا۔ یہ مضمون احادیث کثیرہ سے ثابت ہے، جن کا بیان ہمارے رسالے تلالؤا الافلاک بحلال احادیث لولاک میں ہے اور انہی لفظوں کے ساتھ شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے اپنی بعض تصانیف میں لکھی۔ مگر سنداً ثابت یہ لفظ ہیں: ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں ان الفاظ سے روایت کی: خلقت الخلق لاعرضهم کرامتک و منزلتک عندی و لولاک لما خلقت الدنیا (تاریخ دمشق جلد۲، ص ۱۳۷ جلد۳ ،ص ۲۹۷ ملخصاً فتاوی رضویہ جلد۲۹، ص ۱۱۷۔۱۱۲، جلد۱۵، ص ۳۰۹۔۳۰۴)

مقصود ذات اُوست دگر جملگی طفیل
منظور نور اُوست دگر جملگی ظلام

(مقصود ان کی ذات ہے باقی تمام طفیلی ہیں فقط انہی کا نور دکھائی دیتا ہے باقی سب تاریکیاں ہیں۔ فتاوی رضویہ، جلد۳۰، ص۱۸۸۔۱۹۱)۔ قادری۔]

https://archive.org/details/@zohaibhasana

https://ataunnabi.blogspot.com/

چوکی یا منبر بچھانا اور اہتمام کرنا

جہلا طعن دیتے ہیں اکثر ❁ پڑھتے مولود کیوں ہیں منبر پر
لو سُنو۔ حال امام مالک کا ❁ راہِ عشقِ نبی کے سالک کا
مجتہد تھا وہ مردِ دانا دل ❁ اور خیرالقرون میں شامل
جب روایت حدیث فرماتے ❁ غسل خانے میں اولاً جاتے
غسل کرتے محدثوں کے رئیس ❁ اور پہنتے لباس پاک و نفیس
باندھتے ایک عمامہء زیبا ❁ طیلسان اوڑھتے تھے اور رِدا
آتے خوشبو لگا کے پھر باہر ❁ باوقار و جلال و شوکت و فر
ایک چوکی بچھائی جاتی تھی ❁ عمدہ مسند لگائی جاتی تھی
بیٹھ کر اس پہ شان و شوکت سے ❁ تب حدیثِ رسول پڑھتے تھے
درس جب تک حدیث فرماتے ❁ بہر خوشبو بخور سُلگاتے
پوچھا اک شخص نے کہ مولانا ❁ کرتے ہو اہتمام کیوں اتنا
بولے اس واسطے ہے یہ تعظیم ❁ ہے حدیث نبی کی شان عظیم
غور سے دیکھو اے مسلمانو! ❁ مت پھرو حق سے امر حق مانو
ہے جو مولد کی محفل مقبول ❁ اس میں کیا ہے بجز حدیث رسول
کہیں قرآن سے کوئی آیت ہے ❁ راویوں سے کوئی روایت ہے
معجزات رسول کا ہے بیاں ❁ یا احادیث و آیۂ قرآں
چوکی گر ہم بچھائیں یا منبر ❁ پڑھیں عظمت سے ذکر پیغمبر
مت کہو اس کو سیئہ بدعت ❁ ہے یہ خیرالقرون کی سنت

نقل مذہب جمہور در جواز محفل مولود

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

محفل اس زیب اس صفائی سے ۞ خاص اس ہیئت کذائی سے
لکھتے ہیں مستحب و مستحسن ۞ نور حق سے ہے جن کا دل روشن
جیسے تھے ابن طغربک مفتی ۞ ترکمانی دمشقی حنفی
قاریوں کے امام شمس الدین ۞ جن کی جزری ہے اور حصن حصین
وہ سیوطی فقیہ خوش تقریر ۞ ہے جلالین جس کی اک تفسیر
وہ امام محی الدین نووی ۞ شرح مسلم کی ہے جنہوں نے لکھی
ان کے استاد شیخ علامہ ۞ کنیت جن کی ہے ابو شامہ
فقہاء اور محدثوں کے امام ۞ شیخ ابن حجر ہے جن کا نام
ناصر الدین وہ شیخ علامہ ۞ عاجز ان کی ثنا سے ہے خامہ
شیخ ملا علی خجستہ صفات ۞ جس نے مشکوۃ میں لکھی مرقات
قسطلانی حدیث کا حاوی ۞ ہے مواہب لدنیہ جن کی
ماہر ملت مسلمانی ۞ حضرت بو سعید بورانی
وہ محدث فقیہ ربانی ۞ معدن علم شیخ زرقانی
وہ علی شارح صفات نبی ۞ جس نے لکھی ہے سیرت حلبی
وہ محدث دمشق کا نامی ۞ جس نے لکھی ہے سیرت شامی
وہ ابوالخیر جو سخاوی تھے ۞ علم دیں پر وہ کیسے حاوی تھے
ناظم گوہر سخن سنجی ۞ یعنی سید امام برزنجی
وہ بخارا کے احمد مبرور ۞ جن کا شرف الانام ہے مشہور
وہ ابو ذرعہ جو عراقی تھے ۞ جام حب نبی کے ساقی تھے

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

جن کا دل نورِ حق سے تھا معمور ۞ جیسے بوبکر یوسف و منصور
بوالحسن ابن فضل حقانی ۞ اور صالح جمال ہمدانی
احمد بن محمد مدنی ۞ شیخ علامہ عرب مروزکی
صاحب مجمع البحار کو دیکھ ۞ ان کی تقریر آبدار کو دیکھ
حافظ شمس دین محمد نام ۞ ابن ناصر دمشقی تمقام
شیخ عبداللہ فاضل انصاری ۞ حَسَّنَ اللّٰہ فیضه الجاري
ابن جعفر جو تھے ظہیر الدین ۞ اور وہ فاضل نصیر الدین
وہ فقیہ کبیر با توقیر ۞ یعنی حافظ عماد ابن کثیر
شیخ کامل جمال دین میرک ۞ مرد عارف مبصر و زیرک
وہ ابو طیب اہل دین سبتی ۞ لکھتے زرقانی ہیں ثنا ان کی
صدر دیں شافعی محبِّ نبی ۞ اور محمد رفاعی مدنی
وہ مفسر افندی اسمٰعیل ۞ دیکھو روح البیان میں ان کی دلیل
زین دین نقشبند پیر ہدی ۞ تھا ہمایوں بھی معتقد جن کا
وہ محدث فقیہ عبدالحق ۞ دل پہ چھایا تھا جن کے بالکل حق
ہند کا وہ محدث آگاہ ۞ نام جن کا ہوا ولی اللہ
کہتے استاد ہیں تمام ان کو ۞ مانتے سب ہیں خاص و عام ان کو
جب گئے مکہ وہ خجستہ خصال ۞ لکھتے [۱] ہیں اس طرح وہ اپنا حال

---

[۱] یہ مشاہدہ اپنا حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی نے اپنی کتاب فیوض الحرمین میں لکھا ہے قریب ربع کتاب میں اول کی طرف یہ بیان ہے۔۱۲ (تفصیل کے لئے فیوض الحرمین، ص ۲۷، مطبع الاحمدی، دہلی)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

تھی جو مکہ میں منعقد محفل ❁ میں بھی جا کر وہاں ہوا شامل
تھا بیاں آپ کی ولادت کا ❁ ذکر میلاد با سعادت کا
میں نے کثرت سے پائے واں انوار ❁ اتری محفل میں رحمت غفار
اس سے ثابت ہے اے مبارک پے ❁ بزم مولد مقام رحمت ہے
الغرض ایسے ایسے صاحب دل ❁ پہلے وقتوں کے فاضل و کامل
نام لکھے گئے ہیں اب جن کے ❁ اور بہت مقتدا سوا ان کے
لاتے اس باب میں دلائل تھے ❁ بزم میلاد کے وہ قائل تھے
فقہا اور محدثین بہت ❁ گزرے اس پر ہیں اہل دین بہت
جیسے یہ اتقیائے کامل تھے ❁ جیسے یہ عالمان عامل تھے
کون اب تم میں ہے کہو ایسا ❁ بڑھ کے فتویٰ جو دیتے ہو ایسا
گو سلف میں ہوئی تھی کچھ تکرار ❁ سو میں دو چار نے کیا انکار
آخرش فتح قول حق کو ہوئی ❁ ان کے انکار پر چلا نہ کوئی
قول جمہور پر ہوا فتویٰ ❁ سارے ملکوں میں ہو گیا چرچا
حکم ہے سید دو عالم کا ❁ اتباع سواد اعظم کا

اِتَّبِعُوْا السَّوَادِ الْاَعْظَمْ فَاِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِی النَّارُ. [۱]

---

[۱] جماعت کی پیروی کرو۔ تحقیق جو جماعت سے الگ ہوا وہ آگ میں ڈالا جائے گا۔ انتہی [کنز العمال، رقم الحدیث: ۱۰۳۰، مستدرک للحاکم: رقم الحدیث: ۳۹۵] مولوی قطب الدین خان صاحب دہلوی نے مظاہر الحق ترجمہ مشکوۃ میں جو باصلاح مولوی اسحٰق صاحب کے لکھا گیا ہے اس حدیث کے ذیل میں لکھا ہے: جو اعتقاد اور قول و فعل اکثر علما کے ہوں اس پر عمل کرو اور یہی مضمون عربی عبارت میں مولوی احمد علی صاحب سلمہ اللہ محدث سہارنپوری نے اپنے مطبع کی مشکوۃ عربی میں لکھا ہے۔ المراده المعمول عظیم الجماعة الکبیرة والمراد ما علیه اکثر المسلمین.

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کل عرب اور کل عجم دیکھو ✿ خاص اللہ کا حرم دیکھو
نور ایمان ہے جس کے سینے میں ✿ دیکھ لے مکہ اور مدینے میں
فقہا سب وہاں موافق[ا] ہیں ✿ ایک سے ایک سب مطابق ہیں
کچھ ذرا بھی تو وہاں خلاف نہیں ✿ کسی مذہب کا اختلاف نہیں
حنفی اور شافعی کے ثقات ✿ مالکی اور حنبلی کے روات
چاروں مذہب کا ہے یہی ارشاد ✿ مستحب ہے یہ محفل میلاد
چاروں مذہب کا ہو گیا اجماع ✿ اب خطا پر ہے وہ جوڈالے نزاع

اِلتماسِ مؤلف

جو میری مثنوی کی سیر کریں ✿ میرے حق میں دعائے خیر کریں
مجھ کو حق جس طرح ہوا معلوم ✿ اس صحیفہ میں کر دیا مرقوم
گر نیاید بگوش رغبت کس ✿ بر رسولان بلاغ باشد و بس
کام اپنا ہے امر حق کہنا ✿ گر معاند لڑے تو چپ رہنا
گر کوئی اس میں رد و قدح کرے ✿ نہیں ہرگز ملال اس کا مجھے
مَا نَجَی اللّٰہُ وَالرَّسُوْلُ مَعًا ✿ مِنْ لِسَانِ الْوَرٰی فَکَیْفَ اَنَا
اپنا شیوہ نہیں ہے جنگ و جدل ✿ کس و ناکس سے کرنا رد و بدل

[ا] [مصنف علامہ عبدالسمیع رامپوری اپنے عہد کی بات کر رہے ہیں جب کہ حرمین شریفین میں سُنی المذہب ہی بستے تھے ۱۹۲۵ء میں نجدیوں نے غلبہ حاصل کر کے سعودی عرب بنالیا اور پورے ملک میں جبرًا لوگوں کو وہابی بنایا گیا۔ تفصیلات کے لئے 'تاریخ نجد وحجاز' از مفتی عبدالقیوم ہزاروی کا مطالعہ فرمائیں۔ قادری۔]

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بس سلامت روی ہے کام اپنا ۞ دوست دشمن کو ہے سلام اپنا
صلح کی حق نے دی ہے خُو مجھ کو ۞ مرحبا کہتے ہیں عدو مجھ کو
اب تمامی پہ آیا اپنا کلام ۞ بھیجوں حضرت پہ میں درود وسلام
لَسْتُ اُهْدِیْ سِوَی الصَّلٰوۃِ اِلَیْهِ ۞ یَا مُفِیْضَ الْوُجُوْدِ صَلِّ عَلَیْهِ
وَ عَلٰی آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ ۞ وَارِثِیْ عِلْمُهٗ وَ آدَابِهٖ

فائدہ : محفل مولد شریف کرنے والوں کو جو بعضے مبتدع مشرک کہتے ہیں اچھا نہیں کرتے کہ اس کی نوبت دور پہنچتی ہے۔ مولوی اسمٰعیل صاحب کے جداعلیٰ نسباً استاد الاستاد شیخ الشیوخ طریقہ حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی فیوض الحرمین میں درباب محفل میلاد فرماتے ہیں :

فرایت انوارا سطعت دفعة و رایت یخالطا انوار الملائکة ادوار رحمة انتهی ملخصا. [۱]

اور حضرت شاہ ولی اللہ کے شیخ المشائخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

فیستحب لنا اظهار الشکر لمولده علیه السلام بالاجتماع والاطعام و غیر ذلک .[۲]

چنانچہ سیرت شامی میں اور تفسیر روح البیان وغیرہ میں ہے اور نیز حضرت شاہ ولی اللہ کے شیوخ الشیوخ ابن جزری اس محفل کرنے والے کے لیے فرماتے ہیں کہ:

[۱] میں نے اس محفل میں دفعۃً انوار بلند ہوتے دیکھے اور میں نے انوار رحمت الٰہی کے انوار ملائکہ میں ملے ہوئے دیکھا۔انتہی ملخصاً (فیوض الحرمین،ص ۲۷،مطبع الاحمدی،دہلی)

[۲] ہم کو مستحب ہے شکر ظاہر کرنا میلاد النبی ﷺ کا،آدمیوں (کو) جمع کرنے اور طعام وغیرہ کھلانے کے ساتھ۔

WWW.NAFSEISLAM.COM
https://archive.org/details/@zohaibhasana

https://ataunnabi.blogspot.com/

لَعَمْرِیْ اِنَّمَا جَزَاءُ ہٗ مِنَ اللّٰہِ الْکَرِیْمِ اَنْ یُّدْخِلَہٗ بِفَضْلِہٖ الْعَمِیْمِ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ [۱]

چنانچہ قسطلانی اور زرقانی وغیرہ میں تصریحاً مذکور ہے اور ان دو بزرگوں کا سلسلہ مشائخ حضرت شاہ ولی اللہ میں ہونا رسالہ انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ میں صاف مرقوم ہے :

'اس فقیر یعنی ولی اللہ نے علم حدیث لیا اور خرقہ صوفیا پہنا اور شیخ ابو طاہر سے خلافت پائی، انہوں نے شیخ ابراہیم سے انہوں نے شیخ احمد قشاسی سے انہوں نے شیخ احمد شناوی سے انہوں نے شیخ علی سے انہوں نے جلال الدین سیوطی سے انہوں نے شیخ کمال الدین سے انہوں نے شیخ القراء والمحدثین ابن جزری سے'۔ الخ[۲]

پس جولوگ ان بزرگواروں کو اپنا پیشوا جانتے ہیں ان کو اس باب میں ہرگز دم مارنا نہ چاہیے کہ خلف صالح کی سعادت مندی اسی میں ہے کہ اپنے سلف صالح کی پیروی کرے اور علاوہ اس خاندان کے اور بھی بہت بزرگان دین فقہا اور محدثین سلفاً خلفاً اس کی تائید پر تھے چنانچہ ان کے بعض اسماء اس مثنوی میں بھی مندرج ہیں۔

وَ مَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِیْنِ وَ اٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

---

[۱] قسم ہے کہ اس کی جزا یعنی محفل میلاد شریف کرنے والے کی یہی جزا ہے کہ اللہ کریم اس کو اپنے فضل عام سے بہشت نعیم میں داخل کرے گا۔۱۲

[۲] انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ، ص ۱۸۔۱۷، ادارہ ضیاء السنۃ ملتان

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

وسائل بخشش [۱۳۰۹ھ]

[مثنوی در ذکر کرامات حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ]

تصنیف لطیف

برادرِ اعلیٰ حضرت مولانا حسن رضا حسنؔ قادری برکاتی

کلیاتِ حسن

[دو جلدیں] زیرِ طبع

برادرِ اعلیٰ حضرت مولانا حسن رضا حسنؔ قادری برکاتی کی تمام

تصنیفات کا مجموعہ جدید ترتیب وتخریج وحواشی کے ساتھ

مرتبین: علامہ محمد افروز قادری

محمد ثاقب رضا قادری

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari